باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم الزمان ملاخیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 Daily.aaina94@gmail.com

جلد نمبر 30 | بروز جمعرات 10 ستمبر 2026ء 1448ھ ہجری | قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 244

اختیارات صوبوں سے اضلاع اور بلدیاتی حکومتوں تک منتقل ہونے چاہئیں، حسن اقبال

ملک کو زرعی درآمدات پر انحصار ختم کرکے پیداواری صلاحیت میں اضافے اور زمین و پانی کے وسائل کے موثر استعمال کے ذریعے فوڈ ایکسپورٹنگ اکانومی بننا ہوگا

آبادی میں تیزی سے اضافہ غذائی وسائل پر دبا بڑھا رہا ہے جبکہ فی کس پانی کی دستیابی میں کمی نے پانی کے تحفظ کو بھی ایک سنگین چیلنج بنا دیا ہے

اسلام آباد) جی این ایم (وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ گزشتہ 15 برس کے دوران اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے ثمرات عوام تک نہیں پہنچ سکے، اس لیے موثر عوامی خدمات اور پائیدار ترقی کے لیے اختیارات اور وسائل مقامی حکومتوں کو منتقل کرنا ہوں گے۔ وہ بدھ کو اسٹیگر ہلٹ لینڈ اینڈ واٹر یوز پلاننگ کے حوالے سے قومی افتتاحی ورکشاپ اور ٹیکنیکل ورکنگ گروپ کے

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

کسی شہری کو ایف آئی آر اندراج میں بلاوجہ تاخیر یا مشکلات نہیں ہونی چاہئیں، محسن نقوی

کسی شہری کو ایف آئی آر اندراج میں بلاوجہ تاخیر یا مشکلات نہیں ہونی چاہئیں، سائلین کی دادرسی کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے

بلاوجہ تاخیر یا مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ تھانے آنے والے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ذمہ دارانہ رویہ اپنایا جائے

اسلام آباد) جی این ایم (وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ کسی شہری کو ایف آئی آر اندراج میں بلاوجہ تاخیر یا مشکلات نہیں ہونی چاہئیں، سائلین کی دادرسی کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ تفصیل کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں تھانوں کی حالت بہتر بنانے کا سلسلہ جاری ہے۔ اس حوالے سے تھانہ آبپارہ کی اپ گریڈیشن مکمل ہونے کے بعد وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تعمیر نو

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی "پاکستان وومن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ" سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں

زرعی معیشت ریڑھ ہڈی، فروغ قومی ذمہ داری ہے

وزیر اعظم شہباز شریف

بینک اور مالیاتی ادارے کسانوں، ایس ایم ایز اور ہاؤسنگ سیکٹر کو قرضوں کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں، جو بینک قرضوں کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کریں گے

حکومت ان کی حوصلہ افزائی کرے گی، زرعی شعبہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جس کے فروغ کے لئے کام کرنا قومی ذمہ داری ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (پی پی آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کسانوں کو بلا رکاوٹ اور آسان شرائط پر مالی وسائل تک رسائی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بینک اور مالیاتی ادارے کسانوں، ایس ایم ایز اور ہاؤسنگ سیکٹر کو

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

27 ستمبر کا احتجاج اٹل فیصلے پر نظر ثانی نہیں کرسکتے، بیرسٹر گوہر

ہم نے واضح کیا ہے کسی کارکن کے ہاتھ میں لاٹھی یا غلیل نہیں ہوگی۔ صوبوں کے قیام کا مسئلہ سنجیدہ اور عوامی ہے

وزیر اعظم کو نئے چیف الیکشن کمشنر کی تعیناتی کیلئے اپوزیشن لیڈر سے بات کرنے میں پہل کرنی چاہیے

اسلام آباد) اے این این (چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کا احتجاج اٹل ہے، احتجاج کے معاملے پر نظر ثانی نہیں کر سکتے۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کارکنوں کی پکڑ دھکڑ شروع کر دی گئی ہے، ہم نے واضح کیا ہے کسی کارکن کے ہاتھ میں لاٹھی یا غلیل نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کے قیام کا مسئلہ سنجیدہ اور عوامی ہے، وزیر اعظم کو نئے چیف

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مولانا عطاء الحق کی سینیٹ کی انسانی حقوق کی کمیٹی میں حکومت کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کی درخواست

14 بچوں کے جھلنے کا ذمہ دار کون ہے؟ پورا واقعہ کی ایف آئی آر فوری درج کی جائے، ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

اسلام آباد (پی پی آئی) جے یو آئی کے سینیٹر مولانا عطاء الحق درویش نے سینیٹ کی انسانی حقوق کی کمیٹی میں حکومت کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کی درخواست کرتے ہوئے کہا ہے کہ پورا واقعہ میں 14 معصوم بچوں کے جھلنے کے باوجود آج تک ایف آئی آر درج نہ ہونا انتہائی افسوسناک ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت کی سہولیات شہریوں کو دہلیز پر فراہم کی جائیں گی، مصطفیٰ کمال

جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت کی سہولیات کو شہریوں کی دہلیز تک پہنچایا جا رہا ہے

اسلام آباد (پی پی آئی) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ شاہ اللہ دتہ میں ڈیجیٹل ہیلتھ کلینک کے قیام سے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت کی سہولیات شہریوں کو ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں گی اور انہیں ہر معمولی طبی ضرورت کیلئے بڑے یا پولی کلینک جانے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ وہ بدھ کو شاہ اللہ دتہ میں ڈیجیٹل ہیلتھ کلینک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے صحت کی

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

وزیر ریلوے کا بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

جب تک دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ نہیں ہو جاتا ریاستی اداروں اور قوم کا پختہ عزم برقرار رہے گا

اسلام آباد (پی پی آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے اہلکاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ 11 دہشت گردوں کو انجام تک پہنچانا سکیورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت اور بروقت کارروائی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے امن کے لیے سکیورٹی فورسز کی

بقیہ 11 صفحہ 3 پر

وفاقی تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ پارٹ ون اور ٹو کے نتائج کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (پی پی آئی) وفاقی تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ پارٹ ون اور ٹو کے نتائج کا اعلان کر دیا جس کے مطابق لڑکیاں پھر بازی لے گئیں۔ نتائج کے مطابق پری میڈیکل گروپ میں عمارہ

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف نااہل قرار

اسلام آباد (پی پی آئی) الیکشن کمیشن نے مالی سال 2024-25 کے اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف کو نااہل قرار دیدیا۔ تفصیلات کے

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

مسلم ڈائسپورا کے درمیان تعاون اور روابط کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، چوہدری سالک

ہنر پر مبنی افرادی قوت اور محفوظ نقل و حرکت سے نئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، وفاقی وزیر کا خطاب

اٹقرہ (پی پی آئی) وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ مسلم ڈائسپورا کے درمیان تعاون اور روابط کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور صلاحیتوں سے پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کر رہے ہیں، ہنر پر مبنی افرادی قوت اور محفوظ نقل و حرکت سے نئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

وزیر قانون کی زیر صدارت پاسپورٹ رولز کمیٹی کا اجلاس

ضروری دستاویزات کی تصدیق کا عمل تیز، آسان اور موثر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (پی پی آئی) وفاقی وزیر برائے قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے اوورسیز پاکستانیوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ کمیٹی کو پاسپورٹ اور ضروری دستاویزات کی تصدیق کے عمل کو تیز، آسان اور موثر بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وہ بدھ کو یہاں وزارت قانون و انصاف میں پاسپورٹ رولز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں وزارت داخلہ، وزارت خارجہ، محکمہ پاسپورٹ اور

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اقوام متحدہ کا جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوجی کارروائیاں فوری روکنے کا مطالبہ

ہسپتالوں، طبی عملے اور سرکاری اداروں کو نشانہ بنائے جانے اور انسانی امداد کی رسائی میں رکاوٹوں سے متعلق اطلاعات پر تشویش ہے

اقوام متحدہ (پی پی آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شہریوں کی ہلاکت، ہزاروں افراد کی بے دخلی اور ہسپتال کی تباہی پر سخت تشویش ظاہر کی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے بتایا کہ

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

پنجاب میں تحصیل کی سطح پر الیکٹروبس سروس شروع کرنے کا فیصلہ

لاہور (پی پی آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت پنجاب میں تحصیل کی سطح پر الیکٹروبس سروس کا آغاز جنوری 2027 سے ہوگا، صوبے کی 91 تحصیلوں میں 1500

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

سعودی عرب کا افغانستان کے ساتھ تیل اور گیس نکالنے کے لیے تعاون کا معاہدہ

تیل کی کھدائی اور دریافت کا عمل آٹھ سال کے اندر مکمل کیا جائے گا، افغان وزارت معدنیات

ریاض (پی پی آئی) افغانستان کی طالبان حکومت نے سعودی عرب کے ساتھ ایک غیر معمولی معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ اس معاہدے کے تحت سعودی آئل اینڈ گیس کمپنی "ڈیلٹا انٹرنیشنل انرجی" افغانستان کے مغربی علاقوں میں 22000 مربع کلومیٹر کے علاقے سے تیل و گیس کی تلاش کے لیے کھدائی کرے گی۔ یہ معاہدہ 200 ملین ڈالر مالیت کا ہے۔ جس پر افغان وزیر برائے معدنیات و پٹرولیم ہدایت اللہ بدری اور ڈیلٹا کمپنی

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی 27 ستمبر احتجاج کیس، اسلام آباد ہائیکورٹ نے لارجر بنچ تشکیل دیدیا

اسلام آباد (پی پی آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کے احتجاج اور لانگ مارچ سے متعلق درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا ہے جس کے مطابق

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

ملک کے امن، سلامتی اور خودمختاری کے خلاف ہر سازش ناکام بنائی جائیگی، طارق فضل چوہدری

بلوچستان، سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دہشت گردی کے خلاف قومی عزم اور فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے

اسلام آباد (پی پی آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے خاران اور واشک میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کامیاب کارروائی دہشتگردی کے خلاف قومی عزم اور فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ثبوت ہے۔ بدھ کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے ناسور کے خلاف برسرپیکار بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتا

بقیہ 12 صفحہ 3 پر

پائیدار قومی ترقی کیلئے خواتین کو بااختیار بنانا ناگزیر ہے، یوسف رضا گیلانی

پاکستان کی جمہوری طاقت، معاشی ترقی اور سماجی ہم آہنگی اس وقت تک مکمل طور پر حاصل نہیں کی جاسکتی

اسلام آباد (پی پی آئی) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پائیدار قومی ترقی کیلئے خواتین کو بااختیار بنانا ناگزیر ہے، پاکستان کی جمہوری طاقت، معاشی ترقی اور سماجی ہم آہنگی اس وقت تک مکمل طور پر حاصل نہیں کی جاسکتی جب تک خواتین اداروں، معیشت اور مستقبل کی تشکیل میں مساوی طور پر حصہ نہ لیں، مالیاتی ادارے خواتین کی

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: شدید گرمی کے دوران دو افراد کا درخت کے سائے میں بیٹھے ہوئے ہیں

جامعہ کراچی کے پروفیسر عارف خان ساقی پر تشدد، مزید 2 ملزمان گرفتار

کراچی (پی پی آئی) کراچی میں جامعہ کراچی اسلامک لرننگ ڈیپارٹمنٹ کے چیئرمین عارف خان ساقی پر تشدد کے معاملے میں پولیس نے مزید دو ملزمان کو گرفتار کرلیا، کیس میں گرفتار

بقیہ 18 صفحہ 3 پر

جنگِ ستمبر کا 9 واں روز: پاک فوج نے بھارت کو 3 محاذوں پر شکست دی

پاک فوج نے نارووال کے قریب جسر پل کا دفاع کرتے ہوئے بھارتی فوجوں کو شدید نقصان پہنچایا

راولپنڈی (پی پی آئی) ستمبر 1965 کی جنگ کے 9 ویں روز پاک فوج نے بھارت کو 3 محاذوں پر ناقابلِ فراموش شکست سے دوچار کیا۔ پاک فوج نے نارووال کے قریب جسر پل کا دفاع کرتے ہوئے بھارتی فوجوں کو شدید نقصان پہنچایا جس میں لیفٹیننٹ کلیم محمود نے بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا۔ بھارتی انجینئرز

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

ایران کا خلیج فارس میں 20 بحری جہازوں اور امریکی اڈوں کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

ایران نے امریکی فورسز کی جانب سے 5 ایرانی آئل ٹینکرز کو نشانہ بنانے کے دعوے کے بعد جوابی کارروائی کرتے ہوئے متعدد میزائل داغنے کا دعویٰ کیا ہے

بحریہ نے خلیج فارس میں 2 امریکی بحری جہازوں اور 8 آئل ٹینکرز کو نشانہ بنایا ہے، آبنائے ہرمز سے گزرنے کی کوشش کرنے والے مزید 10 بحری جہازوں کو بھی نشانہ بنایا گیا

تہران، فلوریڈا) جی این ایم (ایران نے امریکی فورسز کی جانب سے 5 ایرانی آئل ٹینکرز کو نشانہ بنانے کے دعوے کے بعد جوابی کارروائی کرتے ہوئے متعدد میزائل داغنے کا دعویٰ کیا ہے جس سے خطے میں جاری کشیدگی مزید بڑھ گئی ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے خلیج فارس میں 20 بحری جہازوں کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ بحریہ نے خلیج

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

کراچی کے مختلف علاقوں میں مقابلے، 3 ملزم ہلاک، 3 زخمی حالت میں گرفتار

کورنگی شاہین فورس نے ملیر ندی کازوے روڈ کے قریب ملزمان سے دوطرفہ فائرنگ کے دوران ایک ملزم ہلاک ہوگیا

کراچی (پی پی آئی) کراچی کے مختلف علاقوں میں مبینہ مقابلوں کے دوران تین ملزمان ہلاک اور تین ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ کورنگی شاہین فورس نے ملیر ندی کازوے روڈ کے قریب ملزمان سے دوطرفہ فائرنگ کے دوران ایک ملزم ہلاک ہوگیا، ادھر نارتھ ناظم آباد پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا جبکہ ملزم کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ انٹی وہیکل لفٹنگ سیل منگھوپیر ڈویژن پولیس نے ناکہ بندی کے دوران ملزمان سے فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک ملزم

بقیہ 21 صفحہ 3 پر

ڈیرہ مراد جمالی تھانے کی حوالات میں 19 سالہ قیدی گولی لگنے سے جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (پی پی آئی) تھانہ سٹی کی حوالات میں 19 سالہ قیدی مختیار احمد مبینہ طور پر اچانک گولی چلنے کے واقعے میں جاں بحق ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق تھانہ سٹی میں شب محرر

بقیہ 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ تھانہ منظور شہید پولیس کی بڑی کارروائی، تھانہ شالکوٹ کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری خطرناک ملزم گرفتار

کوئٹہ (پی پی آئی) پولیس اسٹیشن منظور شہید کوئٹہ کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں پولیس نے ایک اہم کارروائی کرتے ہوئے تھانہ شالکوٹ کے سنگین مقدمے میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس اسٹیشن

بقیہ 29 صفحہ 3 پر

ٹھٹھہ میں ٹریکٹر ٹرالی بجلی کی تاروں سے ٹکرا گئی، 2 خواتین سمیت 6 افراد جاں بحق

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے حادثے پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کمشنر حیدرآباد سے واقعے کی رپورٹ طلب کرلی

ٹھٹھہ / کراچی (پی پی آئی) ٹھٹھہ کے نواحی علاقے پیر جو گوٹھ میں ٹریکٹر ٹرالی بجلی کی تاروں سے ٹکرا گئی، حادثے میں دو خواتین سمیت 6 افراد جاں بحق اور متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ملاح برادری کے افراد دھان کی فصل کی کٹائی کے بعد ٹریکٹر ٹرالی میں سوار ہو کر واپس گاؤں جا رہے تھے کہ ان کی ٹریکٹر ٹرالی بجلی کی تاروں سے ٹکرا گئی۔ حکام نے بتایا کہ حادثے میں دو خواتین سمیت 6 افراد جاں بحق اور متعدد افراد زخمی

بقیہ 30 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ترقی پانے والے ملازمین کو آرڈرز فراہم کر رہے ہیں

فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافے کا اعلان

پولیو ورکرز کے معاوضے میں اضافہ ان کی محنت، لگن اور خدمات کا اعتراف ہے، عائشہ رضا فاروق

اسلام آباد (پی پی آئی) پاکستان انسداد پولیو پروگرام نے فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے یومیہ معاوضے میں 28 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔ قومی ایمرجنسی آپریشن سینٹر (نیشنل ای او سی) کے مطابق فرنٹ لائن پولیو ورکرز کے ساتھ لسننگ سیشنز کے بعد یومیہ معاوضے میں اضافے کا فیصلہ کیا گیا، معاوضے میں اضافے کا اطلاق آئندہ انسداد پولیو مہم سے ہوگا۔ اس حوالے سے وزیر اعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق نے کہا کہ پولیو ورکرز کے معاوضے میں اضافہ ان کی محنت، لگن اور خدمات کا اعتراف ہے، فرنٹ لائن پولیو ورکرز ملک کو پولیو سے پاک بنانے کی کوششوں میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں

بقیہ 27 صفحہ 3 پر

100 ڈالر فی بیرل کے قریب پہنچنا عالمی معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے، عاطف اکرام شیخ

عالمی منڈی میں تیل مہنگا ہونے سے پاکستان کے درآمدی بل پر دباؤ مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، صدر ایف پی سی سی آئی

اسلام آباد (پی پی آئی) صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) عاطف اکرام شیخ نے خطے میں بڑھتی کشیدگی اور اس کے عالمی و ملکی معیشت پر ممکنہ اثرات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کاروباری برادری کیلئے شدید تشویش کا باعث ہے۔ اپنے بیان میں عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ خام تیل کی قیمت 100 ڈالر فی بیرل کے قریب پہنچنا عالمی معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل مہنگا ہونے سے پاکستان کے درآمدی بل پر دباؤ مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، جس کے نتیجے میں ملکی معیشت اور

بقیہ 31 صفحہ 3 پر

ایران امریکا جنگ، کشیدگی میں کمی کے بجائے شدت مزید بڑھنے کا امکان

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صورتِ حال میں نمایاں فوجی کشیدگی دیکھنے میں آئی، عرب میڈیا

تہران (پی پی آئی) ایران اور امریکا کے درمیان جاری جنگ میں مزید شدت کے واضح اشارے ملنے لگے ہیں۔ عرب میڈیا پر شائع ایک تجزیاتی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ تہران اور خطے کے رہنما جو ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات اور کشیدگی کم کرنے کی کوشش کر رہے تھے، ایک بار پھر حملوں اور جوابی کارروائیوں کے بڑھتے سلسلے پر متحرک ہو گئے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صورتِ حال میں نمایاں فوجی کشیدگی دیکھنے میں آئی۔ عرب میڈیا کے مطابق ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی حملوں کے جواب میں اردن کے الازرق فوجی اڈے پر تباہ کن میزائل حملہ کیا گیا ہے۔ ایرانی دعوے کے مطابق

بقیہ 32 صفحہ 3 پر

ہماری تحریک کا کوئی ذاتی یا سیاسی ایجنڈا نہیں تمام سیاسی جماعتیں ساتھ دیں، حافظ نعیم

اسٹیٹ بینک کو خودمختاری دینے کا قانون فوری طور پر تبدیل کیا جائے، پٹرولیم لیوی کا عالمی مارکیٹ کی قیمتوں سے تعلق نہیں۔

عوام سے 1567 ارب روپے پٹرولیم لیوی وصول کی، پاکستان اپنے قرضوں پر سالانہ تقریباً 8 ہزار ارب روپے سود ادا کر رہا ہے

کراچی) جی این ایم (امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک کو خودمختاری دینے کا قانون فوری طور پر تبدیل کیا جائے، پٹرولیم لیوی کا عالمی مارکیٹ کی قیمتوں سے تعلق نہیں بلکہ یہ حکومتی نااہلی اور غلط معاشی پالیسیوں کا نتیجہ ہے، لیوی ختم کرنے کیلئے جماعت اسلامی کی تکنیکی کمیٹی نے اپنی سفارشات حکومت کو پیش کردی ہیں جس میں شرح سود میں کمی کی تجویز

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

آبنائے ہرمز میں ایران امریکا جنگ خلیج کے پانیوں کیلئے خطرہ بن گئی

آبنائے ہرمز میں تیل بردار جہازوں پر حملوں نے خلیج کے سمندر اور سمندری ماحول کے لیے خطرہ بڑھا دیا، رپورٹ

تہران (پی پی آئی) ایران اور امریکا کے درمیان بڑھتی کشیدگی کے باعث آبنائے ہرمز میں تیل بردار جہازوں پر حملوں نے خلیج کے سمندر اور سمندری ماحول کے لیے خطرہ بڑھا دیا۔ عرب میڈیا کی ایک رپورٹ کے مطابق گزشتہ روز امریکا نے 5 ایرانی تیل بردار جہازوں کو نشانہ بنایا جس کے بعد ایران نے اردن کے الازرق فضائی اڈے پر حملہ کیا۔ اس سے 3 روز قبل بھی امریکا نے 3 ایرانی تیل بردار جہازوں کو نشانہ بنایا تھا، ایران نے بھی آبنائے ہرمز میں 3 تیل بردار جہازوں اور دیگر امریکی روابط رکھنے والے بحری جہازوں کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا تھا۔ عرب میڈیا کے مطابق 7 ستمبر تک آبنائے ہرمز میں اس بحری راستے سے

بقیہ 24 صفحہ 3 پر

جوڈیشل کمپلیکس خودکش حملہ کیس، شہدا کے لواحقین کو معاوضے کی عدم ادائیگی پر جوائنٹ سیکرٹری ایڈمن طلب

اسلام آباد (پی پی آئی) اسلام آباد جوڈیشل کمپلیکس خودکش حملہ کیس میں عدالت نے جوائنٹ سیکرٹری ایڈمن آئی سی ٹی کو 15 ستمبر کو طلب کر لیا۔ جوڈیشل کمپلیکس خودکش حملے کے

بقیہ 23 صفحہ 3 پر

ملک میں اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ، پیاز کی قیمت 300 روپے کلو تک پہنچ گئی

اسلام آباد لاہور (پی پی آئی) ملک میں اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہو گیا ہے اور مختلف شہروں میں پیاز کی قیمت 300 روپے کلو تک پہنچ گئی ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق کراچی اور کوئٹہ میں پیاز 200 روپے فی کلو تک پہنچ چکا ہے، لاہور میں پیاز 200 سے 250 روپے کلو میں دستیاب ہے، پشاور میں پیاز کی قیمت فی کلوگرام 280 سے 300 روپے تک پہنچ گئی ہے، پشاور

بقیہ 26 صفحہ 3 پر

روسی اور امریکی صدور کا یوکرین تنازع پر ٹیلی فونک رابطہ، مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرین تنازع کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیا، معاون روسی صدارتی محل

ماسکو (پی پی آئی) روسی صدر ولادیمیر پیوٹن اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان منگل کو ٹیلی فون پر گفتگو ہوئی جسے کریملن کے معاون یوری اوشاکوف نے تعمیری اور انتہائی کھلی قرار دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق یوری اوشاکوف نے بتایا کہ دونوں رہنماں کے درمیان گفتگو ایک گھنٹے تک جاری رہی۔ اس دوران صدر پیوٹن نے واضح کیا کہ روس کے یورپی ممالک کے خلاف کوئی جارحانہ عزائم نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یورپی ممالک کے خلاف روسی خطرے سے متعلق قیاس آرائیاں دراصل یوکرین کے لیے حمایت بڑھانے اور اپنے دفاعی اخراجات میں اضافے کے لیے استعمال کی جا رہی ہیں۔ کریملن کے معاون کے

بقیہ 25 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ اور ریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب نیوزی لینڈ کے ہائی کمشنر مزوڈیوڈ پائن کے ساتھ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ڈی آئی جی پولیس سپیشل برانچ طاہر علا والدین ملاقات کر رہے ہیں

پٹرولیم مصنوعات کی آڑ میں ظلم کیا جارہا ہے، ظاہر شاہ کاکڑ

پٹرولیم قیمتوں میں حالیہ اضافہ عوام اور ٹرانسپورٹ شعبے پر ظلم ہے، ٹرانسپورٹر رہنماء

کوئٹہ (بی پی آئی) پنجاب خیبر پختونخوا بس یونین کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ظاہر شاہ کاکڑ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ بڑے اضافے کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے اسے عوام اور ٹرانسپورٹ شعبے پر ظلم قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مسلسل پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرکے مہنگائی کی نئی لہر کو جنم دے رہی ہے، جس سے عام آدمی کے ساتھ ساتھ ٹرانسپورٹرز بھی شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کا براہ راست اثر ٹرانسپورٹ کے کرایوں، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور روزمرہ زندگی کے اخراجات پر پڑتا ہے۔ ملک میں پہلے ہی مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی ہے، ایسے میں پٹرولیم مصنوعات مہنگی کرنا غریب اور متوسط طبقے کے ساتھ زیادتی کے مترادف ہے۔

کوئٹہ، صوبائی وزیر منصوبہ و ترقیات میر ظہور بلیدی سے رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ میر ظفر زہری ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، ایف بی آر حکام کی کاشف حیدری اور تاجر رہنماں سے ملاقات، خصوصی ٹیکس اسکیم پر گفتگو

تاجروں کو اعتماد میں لیے بغیر کوئی اسکیم قابل قبول نہیں، کاشف حیدری کی ایف بی آر افسران سے گفتگو

کوئٹہ (بی پی آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری، صوبائی رہنما عزت اللہ کاکڑی، محمد مہدی اور دیگر عہدیداروں سے ایف بی آر حکام ارباز خان انسپکٹر، ٹیم لیڈر سرور اور دیگر افسران نے ملاقات کی، جس میں چھوٹے تاجروں کے لیے متعارف کرائی گئی خصوصی ٹیکس اسکیم کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران ایف بی آر حکام نے تاجروں کو خصوصی ٹیکس اسکیم کے خدوخال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ 20 کروڑ روپے تک کی سالانہ سیل والے دکانداروں کے لیے یہ اسکیم متعارف کرائی گئی ہے، جس کے تحت سالانہ سیل پر صرف ایک فیصد ٹیکس عائد ہوگا، جبکہ کم از کم قابل ادائیگی ٹیکس 25 ہزار روپے مقرر کیا گیا ہے۔ ایف بی آر حکام کے مطابق اس اسکیم کے تحت تاجروں کے لیے ایک صفحہ کا سادہ اور آسان گوشوارہ فارم متعارف کرایا گیا ہے، جبکہ رجسٹریشن اور ٹیکس فائلنگ کے لیے ایف بی آر کی ویب سائٹ، موبائل ایپ اور متعلقہ ٹیکس سہولیات کے ذریعے آسان فائلنگ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری اور دیگر تاجر رہنماں نے خصوصی ٹیکس اسکیم کے حوالے سے ایف بی آر حکام سے مختلف امور پر سوالات کیے اور تاجروں کو درپیش مشکلات، ٹیکس نظام میں آسانی اور اسکیم کے عملی نفاذ سے متعلق

سوات، مٹہ پولیس کا بڑا سرچ آپریشن، 6 مسلح افراد گرفتار

سوات (بی پی آئی) مٹہ پولیس نے خفیہ اطلاع پر بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن کرتے ہوئے 6 مسلح افراد کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی کے دوران علاقے کو چاروں اطراف سے گھیرے میں لے کر ملزمان کو حراست میں لیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار افراد کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد ہوا جس میں 62.7 بور کی 2 ایس ایم جیز، مختلف بور کی رائفلیں اور پستول شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ملزمان سے متعدد میگزین اور سیکڑوں کارتوس بھی برآمد کیے گئے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔۔

پی آئی اے بورڈ کا طویل اور اہم اجلاس، ملازمین کی تنخواہوں کا پروپوزل پیش

کراچی (بی پی آئی) پی آئی اے بورڈ کا طویل اور اہم اجلاس چیئرمین پی آئی اے بورڈ لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ انور علی حیدر کی سربراہی میں ہوا۔ پی آئی اے کے چیف فنانشل افسر نے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا پروپوزل بورڈ کو پیش کردیا، اجلاس میں دو نئے بوئنگ جہازوں کو ویٹ لیز پر حاصل کرنے کے معاملے پر بورڈ کو بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ دو بوئنگ جہازوں کو ویٹ لیز پر حاصل کرنے کے لیے جلد معاملات فائنل ہونے کا امکان ہے۔ اجلاس میں پی آئی اے کے گراؤنڈ بوئنگ جہازوں کو بھی مرمت کرکے جلد بیڑے میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا

آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد کا کرائے بڑھانے کا اعلان، دوبارہ ملک گیر ہڑتال کی بھی دھمکی

کراچی (بی پی آئی) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے 5 فیصد کرائے بڑھانے کا اعلان کرتے ہوئے مقررہ مدت میں مطالبات پر موثر پیش رفت نہ ہونے پر دوبارہ ملک گیر ہڑتال کی دھمکی بھی دے دی۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے وفاقی حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی پاکستان بھر کے ٹرانسپورٹرز مذمت کرتے ہیں، ہم 5

سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں، میر امداد خان جمالی

میر جان محمد جمالی نے علاقائی ترقی، اوستا محمد کے قیام اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں گراں قدر خدمات انجام دیں، سابق چیئرمین

گنداخہ (بی پی آئی) سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ میر امداد خان جمالی نے گنداخہ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جان محمد خان جمالی ایک بزرگ، زیرک اور سینئر سیاستدان ہیں، ہم ان کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں۔ اور تمام دوستوں سے انکی صحت یابی کیلئے دعا کی اپیل کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ میر جان محمد خان جمالی کے ساتھ ہمارے گزشتہ چالیس سال سے بہترین سیاسی، سماجی اور علاقائی تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میر جان محمد خان جمالی نے اپنے سیاسی دور میں اپنے حلقے اور علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں، جنہیں عوام آج بھی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ان کی دور حکومت میں علاقے کی ترقی کے لیے متعدد اہم منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچے، جبکہ ان کی خصوصی دلچسپی اور کوششوں سے ضلع اوستا محمد کا قیام بھی عمل میں لایا گیا، جس کے بعد علاقے کے عوام کو مختلف سرکاری سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آنے میں مدد ملی۔

گنداخہ کے گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول چوکی جمالی میں یومِ دفاعِ پاکستان کے سلسلے میں پروقار تقریب

1965 کی جنگ کے شہدا اور غازیوں کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں، ہیڈ ماسٹر طالب حسین جمالی

گنداخہ (بی پی آئی) گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول چوکی جمالی میں ہیڈ ماسٹر طالب حسین جمالی کی نگرانی میں 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے سلسلے میں ایک پروقار اور جذب حب الوطنی سے سرشار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں اساتذہ کرام اور طلبا نے بھرپور شرکت کی، تقریب کے دوران طلبا نے یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے تقاریر، ملی نغمے اور ٹیبلو پیش کرکے وطن سے محبت، قومی یکجہتی اور شہدا وطن سے عقیدت کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہیڈ ماسٹر طالب حسین جمالی استاد محمد حنیف سیال و دیگر اساتذہ کرام نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان ہماری قومی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش دن ہے، جو ہمیں 1965 کی جنگ میں پاک فوج اور پاکستانی قوم کی بے مثال بہادری، عزم، قربانی اور قومی یکجہتی کی یاد دلاتا ہے۔ 6 ستمبر ہمیں ان شہدا اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے جنہوں نے مادر وطن کے دفاع اور سلامتی کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔ انہوں نے کہا کہ 1965 میں پاکستانی قوم نے اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔ پاک فوج کے جوانوں نے جرات، بہادری اور شجاعت کی وہ مثال قائم کی جو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔

سینئر صحافی سید خلیل الرحمٰن کا انتقال صحافتی حلقوں کے لیے ایک بڑا نقصان ہے، حافظ عبدالغنی شہزاد

مرحوم نے پوری زندگی صحافت کے شعبے میں دیانت داری اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ خدمات انجام دیں، ترجمان

کوئٹہ (بی پی آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان حافظ عبدالغنی شہزاد نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کی چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی کے سربراہ اور سینئر صحافی سید خلیل الرحمٰن کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم ایک باصلاحیت، سنجیدہ اور منجھے ہوئے صحافی تھے، جنہوں نے اپنی پوری زندگی صحافت کے شعبے میں دیانت داری، اصول پسندی اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ خدمات انجام دیں، ان کی صحافتی خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

، سید خلیل الرحمٰن کا انتقال صحافتی حلقوں کے لیے ایک بڑا نقصان ہے جس کا خلا مدتوں محسوس کیا جاتا رہے گا، ترجمان جے یو آئی ضلع کوئٹہ نے کہا کہ مرحوم کے ساتھ دیرینہ تعلق رہا انہوں نے ہمیشہ جماعتی خبروں کی بروقت کوریج کے حوالے سے تعاون کیا۔ انہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور مغفرت، لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ امین

صحبت پور، مہنگائی نے تمام ریکارڈ توڑ دیے، 90 فیصد غریبوں کے چولہے بجھ گئے

ضلع بھر میں پرائس کنٹرول کمیٹی اور انتظامیہ غیر فعال، دکانداروں نے اشیائے ضروریہ کے نرخ خود مقرر کر لیے

صحبت پور (بی پی آئی) صحبت پور ضلع ہیڈ کوارٹر سمیت تحصیل پنجور، سنبڑی، ماچھی پور، تحصیل سعید خان، جمرودین، فرید آباد اور جیا خان کے علاقوں میں خود ساختہ مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی عروج پر پہنچ گئی ہے، جہاں ہر دکاندار نے اپنے من مانے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں۔ مہنگائی کے اس طوفان کے باعث غریب عوام کا جینا محال ہو چکا ہے اور علاقے کے چولہے بجھ چکے ہیں۔ موجودہ صورتحال کے مطابق براسکر مرغی سات سو روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، بکرے کا گوشت تین ہزار روپے جبکہ بڑے جانور کا گوشت دو ہزار سے پچیس سو روپے فی کلو تک فروخت ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ بیس کلو گندم کا آٹا چار ہزار روپے، چینی تین سو روپے فی کلو جبکہ آلو، پیاز، سبزیوں اور پھلوں

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن کے صوبائی رابطہ سیکرٹری عبدالفتاح جمالی ملاقات کر رہے ہیں

فیصل آباد، طلبہ سے فی مضمون 15 ہزار روپے لے کر نمبرز اور گریڈز تبدیل کیے جانے کا انکشاف

فیصل آباد (بی پی آئی) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں طلبہ سے فی مضمون 15 ہزار روپے لے کر نمبرز اور گریڈز تبدیل کیے جانے کا انکشاف سامنے آیا۔ جی ٹی وی کے مطابق فیصل آباد میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے طلبہ کے تعلیمی ریکارڈ، نمبرز، گریڈز اور حاضری میں پیسے لے کر غیر قانونی ردوبدل کرنے والے گروہ کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ یونیورسٹی کے سابہر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے موکار روائی کرتے ہوئے ملزمان سابق طالبعلم نعمان جعفر اور اس کے ساتھی احسن شفیق کو حراست میں لے لیا۔ این سی سی آئی اے نے بتایا کہ تفتیش کے دوران 33 طلبہ کے تعلیمی ریکارڈ

یوم دفاع پاکستان تاریخ کا روشن ترین دن ہے، مسلم لیگ (ن) سعودی عرب

ریاض (بی پی آئی) سعودی عرب میں مسلم لیگ (ن) کے عہدیداران نے کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان ہماری تاریخ کا روشن ترین دن ہے جب مسلح افواج نے ملکی دفاع کو یقینی بنا کر پوری قوم کا فخر سے بلند کیا۔ سعودی دارالحکومت ریاض میں مسلم لیگ ن سعودی عرب کے سرپرست اعلیٰ مسعود پوری کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں شرکا نے جنگ ستمبر 1965 اور معرکہ حق بنیان مرصوص کے حوالے سے اظہار خیال کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) سعودی عرب کے سرپرست اعلیٰ مسعود پوری، صدر شیخ سعید احمد، محمود الحق ڈوگر، عدنان اقبال بٹ اور دیگر رہنماں

پاکستان میں پہلا جدید سہولیات سے لیس موبائل غسل یونٹ متعارف

اسلام آباد (بی پی آئی) قبا اسلامک کمپلیکس اسلام آباد نے موبائل غسل یونٹ کے نام سے پاکستان کی پہلی تجہیز و تکفین کی جدید سہولیات سے لیس گاڑیاں تیار کرلیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کے شہری اور دیہی علاقوں میں یا کسی بھی حادثے میں فوت ہونے والے افراد کے لئے ایک جدید گاڑی تیار کی گئی جس میں مردہ کو نہلانے کے ساتھ ساتھ ان کو کفن اور غسل کی سہولت مہیا کی گئی۔ گاڑی میں ائرکنڈیشنڈ، گرم پانی اور دیگر

تحصیل تمبو اور بابا کوٹ میں بڑھتی ہوئی چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں تشویشناک ہیں، میر زوار خان عمرانی

عوام جان و مال کے تحفظ سے محروم اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، معروف قبائلی رہنما کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

نصیر آباد (بی پی آئی) معروف ایڈووکیٹ و تمبو کے قبائلی رہنما میر زوار خان عمرانی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا تحصیل تمبو اور بابا کوٹ میں آئے روز چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں تشویشناک حد تک بڑھتی جا رہی ہیں، جبکہ عوام اپنے جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے شدید خوف و ہراس میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ علاقے میں مسلسل وارداتوں کے باوجود انتظامیہ خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ میر زوار خان عمرانی نے کہا کہ عوام نے انتظامیہ کو امن و امان برقرار رکھنے اور چوری کی وارداتوں کی روک تھام کی ذمہ داری سونپی ہے، مگر اگر شہریوں کے گھروں، دکانوں اور املاک کا تحفظ بھی یقینی نہ بنایا جا سکے تو یہ صورتحال انتہائی افسوسناک اور قابل تشویش ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ تحصیل تمبو اور بابا کوٹ میں چوری کی حالیہ وارداتوں کا فوری نوٹس لیا جائے، گشت کا نظام مؤثر بنایا جائے، ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا

کوئٹہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کیسکو ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

مفاد پرست عناصر کے خلاف ہر محاذ پر آواز بلند کریں گے، محمد حنیف بختیارزئی بلوچ

محکمہ لائیو سٹاک اور ایریگیشن میں بھرتیوں کے خلاف اسٹے آرڈر لینے والے عناصر اپنا قبلہ درست کریں

اوستہ محمد (بی پی آئی) قوم پرست رہنما محمد حنیف بختیارزئی بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں کی راہ میں روڑے اٹکانے والوں کے خلاف ہر محاذ پر آواز بلند کی جائے گی۔ چند مفاد پرست عناصر عدالتوں سے حکم امتناعی حاصل کرکے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع سے محروم کر رہے ہیں، جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ ان خیالات کا اظہار محمد حنیف بختیارزئی بلوچ نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ محکمہ لائیو سٹاک، محکمہ ایریگیشن سمیت مختلف محکموں میں بھرتیوں کے عمل کو کروانے کے لیے مبینہ طور پر مفاد پرست عناصر اسٹے آرڈر حاصل کر رہے ہیں، جس سے بڑی تعداد میں بے روزگار نوجوان متاثر ہو رہے ہیں۔ نوجوان پہلے ہی شدید بے روزگاری کا سامنا کر رہے ہیں، ایسے میں روزگار کے مواقع میں رکاوٹیں ڈالنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ محمد حنیف بختیارزئی بلوچ نے کہا کہ مفاد پرست ٹولہ اپنا قبلہ درست کرے، بصورت دیگر ان کے خلاف قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے قانونی چارہ جوئی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صوبے میں سرکاری آسامیوں پر بھرتیوں کے عمل کو شفاف بنایا جائے اور بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں۔

کوئٹہ، صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی محکمے کے ترقی پانے والے ملازمین کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ہزار گنجی اور سریاب میں بدامنی، چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں ناقابلِ برداشت ہیں، جے یو آئی رہنما

ایشیا کی بڑی تجارتی منڈی میں بدامنی کے باعث کاروباری سرگرمیاں آخری سانسیں لے رہی ہیں

کوئٹہ (بی پی آئی) جمعیت علما اسلام ہزار گنجی زون کے رہنماؤں نے ہزار گنجی اور سریاب میں امن و امان کی مخدوش صورتحال، بڑھتی ہوئی چوری، ڈکیتی، لوٹ مار اور حکومتی رٹ کی کمزوری پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایشیا کی بڑی تجارتی منڈی ہزار گنجی میں بدامنی کے باعث کاروباری سرگرمیاں آخری سانسیں لے رہی ہیں۔ جمعیت علما اسلام ہزار گنجی زون کے یونٹوں کا مشترکہ اجلاس عشرہ مبشرہ یونٹ اختر آباد کے امیر مفتی سمیع الحق کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں عشرہ مبشرہ یونٹ اختر آباد کے مولانا محمد اشرف، مفتی محمود یونٹ ہزار گنجی کے حاجی سعد اللہ لہڑی، مولانا محمد عالم، مولانا فضل الرحمٰن، مولانا نصر اللہ منصور، غیلان بن سلمہ یونٹ کے سید محمد حیدر آغا (صدر تاجر اتحاد بلوچستان) حافظ عبدالباسط، عروہ بن مسعود یونٹ کے مولوی میر احمد، سیدنا بلال یونٹ میاں غنڈی کے عزت اللہ اسیر مولانا غلام رسول قاری عبدالعزیز، خالد بن ولید یونٹ کے مولانا محمد عباس، مولانا شاہ نور، سبزی و فروٹ منڈی کے حافظ محمد معصوم سمیت دیگر ذمہ داران اور کارکنوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی قیادت میں پیپلز پارٹی لسبیلا مزید فعال اور منظم ہوگی، شاہدہ سرور خاصخیلی

نومنتخب صدر باصلاحیت اور متحرک نوجوان ہیں، ان کی تقرری مرکزی و صوبائی قیادت کا خوش آئند فیصلہ ہے

بیلا (بی پی آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلا ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی قیادت میں فعال و منظم ہوگی نومنتخب ضلعی صدر باصلاحیت تعلیم یافتہ اور متحرک نوجوان ہیں ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی جام کالونی حب شعبہ خواتین کی سرگرم رہنما شاہدہ سرور خاصخیلی نے اپنے ایک اخباری بیان میں بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ پی پی لسبیلا کے ضلعی صدر کے عہدے پر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کی تقرری مرکزی و صوبائی قیادت کا مثبت و خوش بند فیصلہ ہے جس کے دور س نتائج برمد ہوں گے شاہدہ سرور خاصخیلی نے مزید کہا کہ لسبیلا میں پارٹی کو فعال و منظم کرنے کے لیے

کوئٹہ: کمشنر کوئٹہ ڈویژن منیر احمد درانی ضلع کوئٹہ ویسٹ میں گداگری کے تدارک اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت افغانستان سے بنچپائی کے راستے پیاز کی اسمگلنگ کی روک تھام کو یقینی بنائے، ملک نصیر گرگناڑی

زمیندار پہلے ہی معاشی مشکلات کا شکار ہیں، فصل کے سیزن میں بیرونِ ملک سے پیاز کی آمد مقامی کسانوں کی محنت پر ڈاکہ ہے، رہنما

کوئٹہ (بی پی آئی) ملک نصیر گرگناڑی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان افغانستان سے بنچپاء کے راستے پیاز کی اسمگلنگ کی روک تھام کو یقینی بنائے انھوں نے کہا کہ بلوچستان کے زمیندار پہلے ہی شدید معاشی مشکلات، مہنگی زرعی اجناس، پانی کی کمی، بجلی اور دیگر مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ زمیندار پورا سال دن رات محنت کرتے ہیں، اپنی جمع پونجی فصل کی کاشت پر خرچ کرتے ہیں اور سخت موسمی حالات برداشت کرکے پیاز کی فصل تیار کرتے ہیں، لیکن جب فصل مارکیٹ میں آنے کا وقت ہوتا ہے تو اچانک بیرونِ ملک سے پیاز کی ترسیل شروع کردی جاتی ہے، جس سے مقامی زمینداروں کی محنت اور سرمایہ شدید متاثر ہوتا ہے۔ ملک نصیر احمد گرگناڑی نے کہا کہ افغانستان سے بنچپائی کے راستے پیاز کی ترسیل کا سلسلہ فوری طور پر روکا جائے۔ یہ انتہائی افسوسناک امر ہے کہ مقامی زمیندار سارا سال اپنی فصل کی تیاری کے لیے مشکلات برداشت کرتے ہیں۔ مگر عین فصل کے سیزن میں بارڈر کھول کر بیرونِ ملک سے پیاز کی آمد کی اجازت دے دی جاتی ہے۔

7 ستمبر یومِ ختم نبوت کے تاریخی دن کی حیثیت سے ہمیشہ زندہ رہے گا، مولانا قاضی حماد اللہ

قانون ناموس رسالت ہماری ریڈ لائن ہے، اس سے چھیڑ چھاڑ آگ و خون سے کھیلنے کے مترادف ہے، رہنما جے یو آئی

بھاگ (بی پی آئی) جمعیت علمائے اسلام تحصیل بھاگ کے امیر مولانا قاضی حماد اللہ نے کہا ہے کہ 7 ستمبر مسلمانوں کے لیے تاریخی فتح کا دن ہے سات ستمبر 1974 کو پاکستان کے آئین میں قادیانوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا تھا یوم ختم نبوت کا دن مسلمانان عالم کے لیے انتہائی خوشی کا دن ہے 7 ستمبر 1974 کو تحریک ختم نبوت کامیاب ہوئی اور آئین پاکستان میں قادیانوں کو کافر قرار دیا گیا قومی اسمبلی میں طویل بحث و مباحثہ کے بعد یہ تاریخ ساز فیصلہ دیا گیا انہوں نے کہا قانون توہین رسالت کی روک تھام کے لیے طویل جدوجہد اور قربانیوں کے بعد بنائے گئے قوانین کو ختم کرنے کا مطالبہ اور اس کو کالا قانون کہنا دراصل

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے بزرگ شہریوں کیلئے بی آر ٹی بسوں میں مفت سفر کی منظوری دیدی

پشاور (بی پی آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی زیر صدارت احساس بزرگ کارڈ سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں بزرگ شہریوں کو مفت بی آر ٹی سروس فراہم کرنے کی منظوری دے دی گئی۔ احساس بزرگ کارڈ کے تحت 60 سال اور اس سے زائد عمر کے شہری بی آر ٹی بسوں میں مفت سفر کرسکیں گے۔۔

چترال، 16 سالہ لڑکی سے زبردستی شادی، دلہا اور نکاح خواں گرفتار

چترال (بی پی آئی) پنجاب کے ضلع چترال میں 16 سالہ لڑکی سے زبردستی شادی کرنے پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کرلیا اور بچی کو بازیاب کرالیا۔ متاثرہ لڑکی کی والدہ نے تھانہ سٹی میں تحریری درخواست دی۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق ذیشان نامی شخص نے لڑکی کی والدہ اور اس کے خاوند کی غیر موجودگی میں ان کی بیٹی مریم کے ساتھ زبردستی نکاح کیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے خلاف کم عمری کی شادی کروانے پر ریسٹرینٹ ایکٹ 2026 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔

پٹرولیم مصنوعات حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کا ثبوت ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

مہنگائی کے مارے عوام پر پٹرولیم بم گرا کر غریب اور متوسط طبقے کی رہی سہی سکت بھی ختم کردی گئی ہے، جے یو آئی کوئٹہ

کوئٹہ (بی پی آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئے روز اضافہ حکومت کی عوام دشمن معاشی پالیسیوں کا واضح ثبوت ہے۔ مہنگائی اور معاشی مشکلات سے دوچار عوام پر پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کا ایک اور بوجھ ڈال کر حکمرانوں نے غریب اور متوسط طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب حکومت بڑی چالاکی سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کرکے عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈال رہی ہے دوسری جانب حکومتی سطح پر عوام کو ریلیف دینے کے بلند و بانگ دعوے کیے جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ عام آدمی مہنگائی کے ہاتھوں پہلے ہی شدید پریشان ہے۔۔

خضدار، محکمہ صحت کا جعلی ڈاکٹروں اور عطائی معالجین کے خلاف کریک ڈان، 10 کلینکس سیل

عوام کی صحت اور زندگی سے کھیلنے والے عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی، ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی

خضدار (بی پی آئی) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی ہدایات پر محکمہ صحت نے جعلی ڈاکٹروں، عطائی معالجین، غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف خضدار سٹی و مضافاتی علاقوں میں بھرپور کریک ڈان کرتے ہوئے 10 جعلی کلینکس سیل کر دیے۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی کی قیادت میں محکمہ صحت کی خصوصی ٹیم نے اسسٹنٹ کمشنر نال عبداللہ مینگل اور ڈرگ انسپکٹر عبدالرشید مینگل کے ہمراہ کھان، کوشک کانک اور خضدار سٹی کے مختلف علاقوں میں متعدد نجی کلینکس اور طبی مراکز کا اچانک معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے 10 کلینکس کو موقع پر سیل کر دیا گیا، جبکہ مختلف طبی مراکز میں موجود ادویات، رجسٹریشن، طبی سہولیات اور دیگر قانونی و معیاری تقاضوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی نے کہا کہ عوام کی صحت اور زندگی سے کھیلنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ جعلی ڈاکٹروں، عطائی معالجین، غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا۔

چیئرپرسن الفواد فاؤنڈیشن میڈم فرزانہ سحر جاموٹ کا ویمن اسکلز حب خضدار کا دورہ

خواتین کو ہنرمند بنانا اور انہیں بااختیار بنانا معاشرے کی ترقی میں اہم قدم ہے، میڈم فرزانہ سحر جاموٹ

خضدار (بی پی آئی) معروف سوشل ایکٹیوسٹ چیئرپرسن الفواد فاؤنڈیشن میڈم فرزانہ سحر جاموٹ کا دورہ آرگنائزیشن فار سوشل ڈویلپمنٹ بلوچستان ویمن اسکلز حب خضدار میں الفواد فاؤنڈیشن کی چیئرپرسن وی ای او اور سحر اسکلز ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ کی سربراہ میڈم فرزانہ سحر جاموٹ نے آرگنائزیشن فار سوشل ڈویلپمنٹ بلوچستان ویمن اسکلز حب کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے گودی پاسمین زہری سے خصوصی ملاقات کی اور خواتین کو ہنرمند بنانے، فنی تربیت، تعلیم اور معاشی خودمختاری کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دورے کے دوران میڈم فرزانہ سحر جاموٹ نے ویمن اسکلز حب کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا اور وہاں خواتین کو فراہم کی جانے والی تربیتی سہولیات، مختلف ہنر سیکھنے کے پروگرامز اور جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے خواتین کی فنی و عملی تربیت کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ خواتین کو ہنر سے آراستہ کرنا انہیں بااختیار بنانے اور معاشرے کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

بارکھان کے زیرِ التواء ڈیتھ کوئٹہ تقرری آرڈرز فوری جاری کیے جائیں، میر جہانزیب کھیتران

**ملازمین کے لواحقین کو نوکریوں سے محروم رکھنا ان کے جائز معاشی حقوق سلب کرنے کے مترادف ہے، نوجوان سیاسی رہن

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم ارمان خیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 Daily.aaina94@gmail.com

چیف ایڈیٹر و پبلشر عامر امیر اعوان نے روزنامہ آئینہ کوئٹہ پرنٹرز پرائیوٹ لمیٹڈ سے چھپوا کر دفتر 9-13/28 پاکستان لائن کواری روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

مسئلہ کشمیر بھارتی جارحیت اور عالمی ضمیر کا امتحان

زوئیہ رانی

مسئلہ کشمیر جنوبی ایشیا کا وہ دیرینہ تنازع ہے جو سات دہائیوں سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود حل طلب ہے۔ یہ محض پاکستان اور بھارت کے درمیان سرحدی یا علاقائی اختلاف نہیں بلکہ کشمیری عوام کے سیاسی، انسانی اور بنیادی حقِ خودارادیت کا مسئلہ ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود اس تنازع کے باوجود عالمی برادری کی مسلسل خاموشی اور عملی پیش رفت کا فقدان اس امر کا تقاضا کرتا ہے کہ ایک بار پھر عالمی ضمیر کو جھنجھوڑا جائے اور پوچھا جائے کہ کشمیری عوام کے ساتھ کیے گئے وعدوں اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کب یقینی بنائی جائے گی۔

پاکستان نے ایک مرتبہ پھر جموں وکشمیر کے بارے میں بھارت کے بے بنیاد اور یکطرفہ دعووں کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بھارت کے کسی بھی یکطرفہ اقدام سے متنازعہ جموں وکشمیر کی حیثیت تبدیل نہیں ہوسکتی۔ دفتر خارجہ کے مطابق جموں وکشمیر سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود بین الاقوامی تنازعات میں شامل ہے اور اس کا حتمی فیصلہ کشمیری عوام کی آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری کے ذریعے ہونا چاہیے۔ پاکستان کا یہ مؤقف اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور بین الاقوامی اصولوں سے ہم آہنگ ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق کشمیر کے معاملے کو کسی ایک ملک کے داخلی مسئلے کے طور پر پیش کرنا تاریخی حقائق اور بین الاقوامی ریکارڈ سے مطابقت نہیں رکھتا۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں کشمیر کا معاملہ باقاعدہ طور پر زیر بحث آچکا ہے اور اس حوالے سے متعدد قراردادیں موجود ہیں۔ چنانچہ بھارت کی جانب سے یکطرفہ طور پر کشمیر کو اپنی ریاست کا حصہ قرار دینا اس تنازع کی بین الاقوامی حیثیت کو ختم نہیں کرسکتا۔ کسی متنازع علاقے کے بارے میں سرکاری نقشہ جاری کرنا یا آئینی وانتظامی اقدامات کرنا اس وقت تک اس کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں کرتا جب تک متعلقہ فریقوں اور بالخصوص کشمیری عوام کی خواہشات کو تسلیم نہ کیا جائے۔

کشمیر کی تاریخ گواہ ہے کہ 27 اکتوبر 1947ء کو بھارتی فوج کی مقبوضہ کشمیر میں آمد کے بعد سے اس خطے میں سیاسی کشمکش نے ایک نئی شکل اختیار کی۔ کشمیری عوام کے ایک بڑے حصے نے ابتدا ہی سے اپنے مستقبل کے تعین کے لیے حقِ خودارادیت کا مطالبہ کیا۔ بعدازاں یہ معاملہ اقوام متحدہ تک پہنچا اور سلامتی کونسل کی قراردادوں میں کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کے تعین کا حق دینے کی بات سامنے آئی۔ مگر وقت گزرنے کے ساتھ یہ وعدہ عملی شکل اختیار نہ کرسکا۔ بھارت نے اس مسئلے کو حل کرنے کے بجائے مختلف ادوار میں ایسے اقدامات کیے جن سے کشمیر کی متنازع حیثیت مزید پیچیدہ ہوتی گئی۔ 5 اگست 2019ء کو بھارتی حکومت نے آئین کی دفعات 370 اور 35 اے سے متعلق یکطرفہ اقدامات کرکے مقبوضہ جموں وکشمیر کی سابقہ خصوصی آئینی حیثیت ختم کردی۔

مریم نواز کی مثالی کارکردگی

شیر زمان بابر

جنگلی حیات کے تحفظ میں پاکستان کا پہلا وائلڈ لائف ہسپتال اہم سنگِ میل

مریم نواز کی قیادت میں پنجاب: کارکردگی، جدت اور عوامی خدمت کا نیا معیار

پاکستان میں صوبائی حکومتوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے تو پنجاب ہمیشہ سے مرکزِ نگاہ رہا ہے۔ آبادی، معیشت، زراعت، صنعت، تجارت اور شہری و دیہی آبادی کے وسیع پھیلاؤ کے باعث پنجاب کی حکومت کے فیصلوں کے اثرات نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کی معاشی اور سماجی سمت پر مرتب ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پنجاب میں حکمرانی محض ایک انتظامی ذمہ داری نہیں بلکہ ایک بڑا سیاسی اور عوامی امتحان بھی ہے۔ موجودہ دور میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی حکومت نے ترقی، عوامی سہولت، ماحولیات، صحت، ٹرانسپورٹ، سرمایہ کاری اور جدید انتظامی نظام کو اپنی ترجیحات میں شامل کرکے کارکردگی کا ایک ایسا ماڈل پیش کرنے کی کوشش کی ہے جس میں رفتار کے ساتھ ساتھ نئے شعبوں پر بھی توجہ نظر آتی ہے۔

مریم نواز شریف کی حکومت کی کارکردگی کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ ترقی کے تصور کو محض روایتی تعمیراتی منصوبوں تک محدود نہیں رکھا گیا۔ جدید طرزِ حکمرانی میں کسی حکومت کی کامیابی کا پیمانہ صرف نئی سڑکیں، پل یا عمارتیں تعمیر کرنا نہیں بلکہ انسانی زندگی کے ساتھ ماحول، حیاتیاتی تنوع، شہری سہولتوں، قدرتی وسائل اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کو بھی محفوظ بنانا ہے۔ پنجاب حکومت کی جانب سے جنگلی حیات کے علاج اور تحفظ کے لیے پاکستان کے پہلے وائلڈ لائف ہسپتال کی تعمیر مکمل کرنا اسی وسیع تر وژن کی ایک منفرد مثال ہے۔

جانوروں، پرندوں اور درندوں کے علاج کے لیے قائم کیے جانے والے اس جدید ہسپتال میں 12 آپریشن تھیٹرز اور 2 معائنہ رومز کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ بظاہر یہ ایک مخصوص شعبے کا منصوبہ ہے، لیکن اس کے پیچھے موجود سوچ اس سے کہیں وسیع ہے۔ جنگلی حیات کسی بھی ملک کے قدرتی ورثے کا بنیادی حصہ ہوتی ہے۔ جنگلات، دریا، پہاڑ، پرندے اور جانور ایک مکمل ماحولیاتی نظام تشکیل دیتے ہیں۔ اگر اس نظام کا کوئی ایک اہم جزو متاثر ہو تو اس کے اثرات بالآخر انسانی زندگی تک پہنچتے ہیں۔

پاکستان میں جنگلی حیات کو غیر قانونی شکار، قدرتی مساکن کی تباہی، ماحولیاتی تبدیلی، جنگلات میں کمی اور انسانی آبادی کے بڑھتے ہوئے دباؤ سمیت متعدد خطرات کا سامنا ہے۔ ایسے ماحول میں زخمی یا بیمار جنگلی جانوروں کے علاج کے لیے جدید طبی سہولیات کی موجودگی وقت کی اہم ضرورت تھی۔ پنجاب میں اس ضرورت کو ایک باقاعدہ ادارہ جاتی منصوبے کی شکل دینا حکومت کی ترجیحات میں تنوع اور وسعت کی نشاندہی کرتا ہے۔** تجزیہ بی این پی کے مطابق** وائلڈ لائف ہسپتال کی تکمیل کو محض ایک تعمیراتی منصوبہ سمجھنا اس کی اصل اہمیت کو محدود کرنا ہوگا۔ یہ منصوبہ اس سوچ کی نمائندگی کرتا ہے کہ ریاست کی ذمہ داری صرف انسانی آبادیوں تک محدود نہیں بلکہ قدرتی ماحول اور اس میں موجود مخلوقات کا تحفظ بھی حکومتی ذمہ داری ہے۔ یہی سوچ کسی معاشرے کو محض ترقی یافتہ نہیں بلکہ مہذب اور ذمہ دار معاشرہ بناتی ہے۔

مریم نواز شریف کی حکومت نے ماحولیات کے شعبے میں شجرکاری کو بھی نمایاں اہمیت دی ہے۔ ایک سال کے دوران 5 کروڑ پودے لگانے کا سنگِ میل عبور کرنا اور مون سون مہم کے دوران مزید ایک کروڑ سے زائد پودے لگانے کا عمل پنجاب کے ماحولیاتی مستقبل کے لیے اہم قرار دیا جا سکتا ہے۔ پاکستان پہلے ہی ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات کا سامنا کر رہا ہے۔ درجہ حرارت میں اضافہ، بارشوں کے غیر معمولی رجحانات، سیلاب، خشک سالی اور فضائی آلودگی جیسے مسائل مستقبل میں مزید سنگین ہوسکتے ہیں۔

اس صورتحال میں بڑے پیمانے پر شجرکاری کی مہم صرف ایک ماحولیاتی سرگرمی نہیں بلکہ مستقبل کی منصوبہ بندی بھی ہے۔ تاہم اس کامیابی کو دیرپا بنانے کے لیے ضروری ہے کہ لگائے گئے پودوں کی نگہداشت، پانی کی فراہمی اور ان کی بقا کا مربوط نظام بھی برقرار رکھا جائے۔ اگر شجرکاری کے ساتھ دیکھ بھال پر بھی اسی توجہ سے کام کیا جائے تو پنجاب میں سبزہ، ماحول اور شہری زندگی کے معیار میں نمایاں بہتری لائی جاسکتی ہے۔

جنگلات کے تحفظ کے لیے ارلی فائر ڈیٹیکشن سسٹم کا قیام بھی جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی قابل ذکر مثال ہے۔ جنگلات میں لگنے والی آگ اکثر ابتدائی مرحلے میں بروقت اطلاع نہ ملنے کے باعث بڑے رقبے کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے آگ کی بروقت نشاندہی اور فوری کارروائی نہ صرف ہزاروں درختوں بلکہ جنگلی جانوروں اور پرندوں کی زندگی بھی محفوظ بنا سکتی ہے۔ یوں پنجاب حکومت نے ماحولیات کو روایتی بیانات سے نکال کر ٹیکنالوجی اور انتظامی نظام کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کی ہے۔ اسی وژن کا ایک اور پہلو جلو پارک کو جدید ایکوٹورازم مرکز میں تبدیل کرنے کی منصوبہ بندی ہے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت ماسٹر پلان اور بزنس پلان تیار کرنے کی ہدایت اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ قدرتی مقامات کو جدید سیاحت، روزگار اور معاشی سرگرمیوں کے مراکز میں تبدیل کیا جاسکتا ہے، بشرطیکہ ترقی اور ماحولیات کے درمیان توازن برقرار رکھا جائے۔

پنجاب کی موجودہ حکومت کی کارکردگی کو صرف ماحولیات تک محدود کرنا بھی درست نہیں ہوگا۔ حکومت نے عوامی سہولت کے متعدد شعبوں میں ایسے اقدامات کیے ہیں جن کا مقصد روزمرہ زندگی کو آسان بنانا ہے۔ جدید پبلک ٹرانسپورٹ، الیکٹرک بسوں کی فراہمی، شہری نگرانی کے نظام، صحت کی سہولتوں، انتظامی اصلاحات اور سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق اقدامات اس وسیع حکومتی ترجیح کا حصہ ہیں جس میں عام شہری کو ریاستی خدمات تک بہتر رسائی فراہم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ الیکٹرک بسوں کا منصوبہ بالخصوص پنجاب کے بڑے شہروں میں پبلک ٹرانسپورٹ کے مستقبل کے حوالے سے اہمیت رکھتا ہے۔ جدید، ماحول دوست اور نسبتاً کم لاگت سفری سہولت شہریوں کو فراہم کرنا ایک طرف عوامی مشکلات کم کرتا ہے تو دوسری طرف ماحولیاتی آلودگی میں کمی کا ذریعہ بھی بنتا ہے۔ خواتین، طلبہ، بزرگوں اور خصوصی افراد کے لیے سفری سہولتوں میں رعایت یا مفت سفر جیسے اقدامات سماجی فلاح کے پہلو کو بھی نمایاں کرتے ہیں۔

سرمایہ کاری کے میدان میں صنعتی زونز اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ پر توجہ بھی پنجاب کی معیشت کے لیے اہم ہے۔ کسی بھی صوبے میں روزگار کے نئے مواقع اسی وقت پیدا ہوتے ہیں جب مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول، بنیادی سہولیات، شفاف انتظامی نظام اور کاروباری تسلسل موجود ہو۔ اس لیے صنعتی ترقی کو ماحول دوست منصوبہ بندی اور جدید انفراسٹرکچر کے ساتھ آگے بڑھانا وقت کی ضرورت ہے۔

مریم نواز شریف کی حکومت کی ایک نمایاں خصوصیت فیصلہ سازی میں رفتار کو قرار دیا جاسکتا ہے۔ موجودہ دور میں عوام فوری نتائج چاہتے ہیں۔ طویل عرصے تک فائلوں، اجلاسوں اور اعلانات تک محدود رہنے والے منصوبے عوام کے اعتماد کو بحال نہیں کرسکتے۔ حکومت اگر کسی منصوبے کا اعلان کرے اور اسے مقررہ مدت میں مکمل کرکے عوام کے سامنے پیش بھی کرے۔۔

پاک بحریہ وفضائیہ، دفاع وطن کی مضبوط ڈھال

محمد خان داوڑ

پاکستان کی تاریخ میں ستمبر کا مہینہ قومی غیرت، دفاعی عزم، قربانی اور شجاعت کی ایک ایسی روشن داستان اپنے اندر سموئے ہوئے ہے جسے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مزید اہمیت حاصل ہوتی جارہی ہے۔ چھ ستمبر کو یوم دفاع، سات ستمبر کو یوم فضائیہ اور آٹھ ستمبر کو یوم بحریہ کا انعقاد دراصل ان قومی ایام کی یاد تازہ کرتا ہے جب پاکستان کی مسلح افواج نے محدود وسائل کے باوجود وطن کے دفاع کے لیے غیر معمولی عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ یہ ایام صرف ماضی کے واقعات کو یاد کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ نئی نسل کو یہ پیغام بھی دیتے ہیں کہ کسی بھی ملک کی آزادی، خودمختاری اور سلامتی محض دعووں سے نہیں بلکہ مسلسل تیاری، نظم وضبط، قومی یکجہتی اور قربانی کے جذبے سے محفوظ رہتی ہے۔

یوم بحریہ کے موقع پر صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے پاک بحریہ کے شہداء ، غازیوں، افسروں، جوانوں اور ان کے اہل خانہ کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ صدر مملکت نے اپنے پیغام میں 8 ستمبر 1965ء کے تاریخی بحری آپریشن کا حوالہ دیتے ہوئے پاک بحریہ کی بہادری، عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ 1965ء کی جنگ میں پاک بحریہ نے سمندری محاذ پر دشمن کے خلاف اپنی برتری کا مظاہرہ کیا اور یہ ثابت کیا کہ بحری دفاع بھی قومی سلامتی کا ایک بنیادی ستون ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق یوم بحریہ کی اصل اہمیت محض ایک تاریخی آپریشن کی یاد تک محدود نہیں۔ سمندر کسی بھی ملک کی معیشت، تجارت، توانائی کی فراہمی اور عالمی روابط کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ پاکستان کی جغرافیائی پوزیشن ایسی ہے کہ اس کے لیے بحری سلامتی کو نظرانداز کرنا ممکن نہیں۔ کراچی کی بندرگاہ، گوادر اور سمندری تجارتی راستے قومی معیشت میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ چنانچہ پاک بحریہ کی ذمہ داری صرف جنگ کے زمانے میں دشمن کا مقابلہ کرنا نہیں بلکہ امن کے دوران بھی ملک کے سمندری مفادات، تجارتی راستوں اور اقتصادی سرگرمیوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔

آج کی جنگ روایتی میدانوں تک محدود نہیں رہی۔ جدید دنیا میں عسکری طاقت کا تصور تیزی سے تبدیل ہو چکا ہے۔ فضاء ، سمندر، زمین، سائبر اسپیس، مصنوعی ذہانت، ڈرون ٹیکنالوجی اور جدید مواصلاتی نظام ایک دوسرے سے جڑ چکے ہیں۔ ایسے ماحول میں کسی بھی ملک کی دفاعی طاقت کا انحصار صرف فوجیوں کی تعداد یا ہتھیاروں پر نہیں بلکہ ٹیکنالوجی، اطلاعات، تربیت، بروقت فیصلوں اور مختلف دفاعی شعبوں کے درمیان مؤثر رابطے پر ہوتا ہے۔

پاک بحریہ میں جدید جنگی جہازوں، آبدوزوں، فضائی اثاثوں، بغیر پائلٹ نظام اور جدید میزائل ٹیکنالوجی کی شمولیت اسی بدلتے ہوئے دفاعی ماحول کا تقاضا ہے۔ جدید آبدوزیں اور بحری نگرانی کے نظام سمندر میں کسی بھی ممکنہ خطرے کی بروقت نشاندہی اور اس کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت بڑھاتے ہیں۔ اسی طرح بغیر پائلٹ فضائی نظام اور طویل فاصلے تک مار کرنے والے جدید ہتھیار بحری دفاع کو مزید مؤثر بناتے ہیں۔ دفاعی خودانحصاری کی جانب پیش رفت بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے، کیونکہ کسی بھی ملک کے لیے طویل المدت سلامتی اسی وقت ممکن ہے جب وہ اہم دفاعی ضروریات کے لیے بیرونی ذرائع پر مکمل انحصار نہ کرے۔ مئی 2025ء کے معرکہ حق کے حوالے سے بھی پاکستانی قیادت نے افواجِ پاکستان کی عملی تیاری، دفاعی صلاحیت اور باہمی ہم آہنگی کو نمایاں کیا ہے۔ اس تناظر میں یہ بات اہم ہے کہ جدید جنگ میں کامیابی صرف کسی ایک فوج یا کسی ایک ہتھیار کی مرہونِ منت نہیں ہوتی۔ زمینی، بحری اور فضائی قوتوں کے درمیان مربوط حکمتِ عملی اور بروقت اطلاعات کا تبادلہ ہی کسی بھی دفاعی نظام کو مؤثر بناتا ہے۔

پنجاب میں میگا منصوبوں سے عوامی خدمت کا نیا باب

تجزیہ راجا محمد الیاس کیانی

سیاسی جماعتوں کی اصل طاقت محض انتخابی نعروں میں نہیں بلکہ ان کی طویل المدت پالیسیوں، عوامی خدمت اور قومی ترقی کے لیے شروع کیے جانے والے منصوبوں میں ہوتی ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی سیاست کا ایک نمایاں پہلو یہ رہا ہے کہ اس کی حکومتوں نے بڑے انفراسٹرکچر، مواصلات، توانائی، صحت، تعلیم اور شہری ترقی کے منصوبوں کو ترجیح دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے صوبے کے ہر ضلع میں ''سپیشل روڈ مینٹیننس اسکواڈ'' کے قیام اور ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی کا فیصلہ اسی سلسلے کی ایک کڑی دکھائی دیتا ہے۔

پاکستان کی سیاست میں مسلم لیگ (ن) کو ایک ایسی جماعت کے طور پر دیکھا جاتا ہے جس نے اپنے مختلف ادوار حکومت میں میگا پروجیکٹس کے ذریعے ترقیاتی سیاست کو نمایاں کیا۔ موٹرویز سے لے کر میٹرو بس سسٹم، توانائی کے منصوبوں سے لے کر جدید انفراسٹرکچر اور شہری سہولتوں تک، مسلم لیگ (ن) کی حکومتوں نے بڑے پیمانے پر ایسے منصوبے شروع کیے جن کا مقصد معیشت، روزگار، کاروبار اور عوامی نقل و حرکت کو بہتر بنانا تھا۔ پنجاب میں موجودہ حکومت بھی اسی ترقیاتی وژن کو نئے انداز اور نئی ترجیحات کے ساتھ آگے بڑھانے کی کوشش کررہی ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لندن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) میں کسی قسم کی تقسیم کی تردید کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ جماعت متحد ہے اور اس کے رہنما مل کر کام کررہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پارٹی کو توڑنے یا تقسیم کرنے کی باتوں میں کوئی حقیقت نہیں۔ سیاسی جماعتوں کے لیے اندرونی اتحاد اس وقت مزید اہم ہو جاتا ہے جب ان کے سامنے وسیع پیمانے پر حکومتی ذمہ داریاں موجود ہوں۔ مسلم لیگ (ن) کے لیے بھی پنجاب میں ترقیاتی ایجنڈے کو آگے بڑھانے، عوامی توقعات پوری کرنے اور انتظامی مشینری کو متحرک رکھنے کے لیے سیاسی استحکام بنیادی ضرورت ہے۔

مریم نواز شریف کی زیر صدارت ہونے والے خصوصی ویڈیو لنک اجلاس میں پنجاب کے ہر ضلع میں سپیشل روڈ مینٹیننس اسکواڈ قائم کرنے کی منظوری بھی اسی انتظامی سوچ کی عکاسی کرتی ہے۔ سڑکیں تعمیر کرنا یقیناً اہم ہے، لیکن ان کی مسلسل دیکھ بھال، صفائی، مرمت اور حفاظت اس سے بھی زیادہ ضروری معاملہ ہے۔ ماضی میں پاکستان کے مختلف شہروں میں یہ مسئلہ سامنے آتا رہا ہے کہ نئی تعمیر ہونے والی سڑکیں مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث چند ہی برسوں میں اپنی افادیت کھو دیتی ہیں۔ اگر روڈ مینٹیننس اسکواڈ روزانہ کی بنیاد پر سڑکوں کا معائنہ اور بروقت مرمت یقینی بناتے ہیں تو یہ منصوبہ شہری سہولت کے حوالے سے نمایاں تبدیلی لاسکتا ہے۔

حکومت کی جانب سے مخصوص اربن روڈز پر کیٹ آئی، تھرموپلاسٹک روڈ مارکنگ، لین مارکنگ، ٹریفک سائن اور ہدایتی نشانات کو یقینی بنانے کی ہدایات بھی محض سڑک کی خوبصورتی تک محدود نہیں بلکہ روڈ سیفٹی سے براہ راست جڑی ہوئی ہیں۔ پاکستان میں ٹریفک حادثات کی ایک بڑی وجہ غیر واضح لینز، ناقص سائن بورڈز، مناسب روشنی کا فقدان اور سڑکوں کی خراب حالت بھی بنتی ہے۔ اس لیے ترقیاتی منصوبوں میں خوبصورتی کے ساتھ ساتھ تکنیکی معیار اور عوامی تحفظ کو ترجیح دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

مریم نواز شریف نے سڑکوں کی پائیداری اور خوبصورتی کے لیے تھرموپلاسٹک روڈ مارکنگ کے استعمال کی ہدایت کی ہے۔ اسی طرح بجلی کے کھمبوں کو مناسب روشنی اور سجاوٹ کے ساتھ روشن کرنے، داخلی راستوں پر جدید لینڈ اسکیپنگ اور سرسبز پلاٹوں پر شہروں کے نام نمایاں کرنے کی تجاویز بھی شہری منظرنامے کو بہتر بنانے کی کوشش ہیں۔ ترقی یافتہ دنیا میں شہر کا داخلی راستہ محض ایک سائن بورڈ نہیں سمجھا جاتا بلکہ وہ شہر کی شناخت، ثقافت اور انتظامی معیار کی عکاسی کرتا ہے۔ اگر پنجاب کے داخلی راستوں کو مقامی ثقافت اور جدید ڈیزائن کے امتزاج سے بہتر بنایا جائے تو اس کے مثبت اثرات شہری جمالیات کے ساتھ سیاحت پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ خاص طور پر ضلع اور تحصیل کے داخلی راستوں کے لیے جدید اور عصری ڈیزائن اپنانے کی ہدایت اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ حکومت ترقیاتی منصوبوں کو صرف اینٹ، سیمنٹ اور سڑک تک محدود نہیں رکھنا چاہتی بلکہ شہری ماحول کو مجموعی طور پر بہتر بنانے کی خواہاں ہے۔ چینی شہروں کے داخلی راستوں کا حوالہ بھی اسی تناظر میں دیا گیا ہے، تاہم کسی بھی بیرونی ماڈل کو اپناتے ہوئے مقامی جغرافیہ، ثقافت، موسم اور شہری ضروریات کو سامنے رکھنا ضروری ہوگا۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق مسلم لیگ (ن) کی ترقیاتی سیاست کی ایک نمایاں خصوصیت یہ رہی ہے کہ اس نے بڑے منصوبوں کے ذریعے ریاستی انفراسٹرکچر کو وسعت دینے پر زور دیا۔ موجودہ پنجاب حکومت کی ترجیحات میں بھی یہی رجحان دکھائی دیتا ہے، تاہم اب توجہ صرف نئے منصوبوں کی تعمیر پر نہیں بلکہ ان کے معیار، دیکھ بھال، خوبصورتی، شفافیت اور طویل المدت افادیت پر بھی مرکوز کی جارہی ہے۔ یہ تبدیلی اہم ہے کیونکہ ایک اچھا منصوبہ وہی ہے جو افتتاح کے بعد بھی کئی برس تک عوام کو معیاری سہولت فراہم کرتا رہے۔

پنجاب میں فوڈ سٹریٹس کو مخصوص اور الگ تجارتی علاقوں کے طور پر منصوبہ بندی کرنے کی ہدایت بھی شہری معیشت کے لیے اہم ثابت ہوسکتی ہے۔ دنیا کے بڑے شہروں میں فوڈ ڈسٹرک اور فوڈ سٹریٹس مقامی کاروبار، سیاحت اور روزگار کے فروغ کا ذریعہ بنتی ہیں۔ اگر پنجاب کے شہروں میں فوڈ سٹریٹس کو مناسب انفراسٹرکچر، پارکنگ، صفائی، پیدل چلنے والوں کی سہولت اور ٹریفک مینجمنٹ کے ساتھ ترقی دی جائے تو یہ چھوٹے کاروبار اور نوجوانوں کے لیے نئے معاشی مواقع پیدا کرسکتی ہیں۔

اسی طرح سبزی منڈیوں میں رسائی، صفائی، ٹریفک اور منظم تجارتی سرگرمیوں کو یقینی بنانے کی ہدایات براہ راست عام آدمی کی زندگی سے متعلق ہیں۔ سبزی اور پھلوں کی قیمتیں، منڈیوں کا انتظام اور سپلائی چین شہری مہنگائی پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اگر منڈیوں کا انتظام بہتر ہو، غیر ضروری رکاوٹیں کم ہوں اور صفائی و ٹریفک کا مؤثر نظام قائم ہو تو اس کے فوائد بالآخر صارف تک پہنچ سکتے ہیں۔

مسلم لیگ (ن) کی قومی سطح کی سیاسی خدمات کا جائزہ لیا جائے تو اس کے ادوار حکومت میں انفراسٹرکچر اور بڑے عوامی منصوبوں کو خصوصی اہمیت حاصل رہی ہے۔ موٹرویز کے وسیع نیٹ ورک، بڑے توانائی منصوبے، لاہور اور دیگر شہروں میں ماس ٹرانزٹ کے منصوبے، سڑکوں اور پلوں کی تعمیر، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں مختلف پروگرام اور صنعتی و شہری انفراسٹرکچر کی توسیع اس ترقیاتی سوچ کے نمایاں مظاہر ہیں۔ ان منصوبوں پر سیاسی اختلاف اپنی جگہ موجود رہا، لیکن یہ حقیقت بھی اپنی جگہ ہے کہ پاکستان میں میگا پروجیکٹس کے تصور کو قومی سیاسی مباحثے میں مسلم لیگ (ن) نے مسلسل نمایاں رکھا۔

موجودہ دور میں اصل امتحان یہ ہے کہ بڑے منصوبوں کے ساتھ ساتھ ان کے معیار اور مالی شفافیت کو بھی یقینی بنایا جائے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے جاری منصوبوں کے دائرہ کار، مقررہ وقت، معیار، اخراجات اور عملی پیش رفت کی نگرانی کے نظام پر زور دے کر اسی ضرورت کو اجاگر کیا ہے۔ عوامی پیسہ ایک قومی امانت ہے اور ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کا تقاضا یہی ہے کہ منصوبہ منظور شدہ ڈیزائن، مواد اور تکنیکی معیار کے مطابق مکمل ہو اور اس کی نگرانی محض کاغذی کارروائی نہ بنے۔ یہ پہلو اس لیے بھی اہم ہے کہ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں وسائل محدود ہیں جبکہ عوامی ضروریات وسیع۔ ایسے میں ہر ترقیاتی روپے کا مؤثر استعمال حکومت کی بنیادی ذمہ داری بنتا ہے۔ سڑک کی تعمیر ہو، فوڈ سٹریٹ ہو، شہر کا داخلی راستہ ہو یا کوئی بڑا شہری منصوبہ، معیار اور پائیداری کو نظرانداز کیا جائے تو قلیل مدت میں منصوبہ مکمل ہونے کے باوجود طویل مدت میں عوام کو مطلوبہ فائدہ نہیں ملتا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

برآمدات کا فروغ، صنعتی اصلاحات اور جدید پاکستان کی تشکیل

سلیم دانش

پاکستان کی معیشت اس وقت ایک ایسے مرحلے سے گزر رہی ہے جہاں محض معاشی استحکام کافی نہیں بلکہ پائیدار ترقی، صنعتی وسعت، برآمدات میں اضافہ، سرمایہ کاری کا فروغ اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ قومی معیشت کی تشکیل ناگزیر ہوچکی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے صنعت کاروں اور ممتاز کاروباری شخصیات سے ملاقات، برآمدات بڑھانے کے عزم کا اظہار، نئی آٹو پالیسی کی تیاری اور سرکاری اداروں کو جدید و ماحول دوست ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے اقدامات اسی وسیع تر معاشی وژن کا حصہ دکھائی دیتے ہیں۔ ان اقدامات میں ایک مشترک نکتہ نمایاں ہے اور وہ یہ کہ پاکستان کو روایتی طریقہ؟ کار سے آگے بڑھ کر پیداوار، برآمدات، ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری اور ادارہ جاتی اصلاحات پر اپنی ترقی کی بنیاد رکھنا ہوگی۔

وزیراعظم شہباز شریف کا یہ کہنا کہ برآمدات پر مبنی معاشی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، بلاشبہ قومی معیشت کے بنیادی مسئلے کی نشاندہی کرتا ہے۔ پاکستان کئی دہائیوں سے درآمدات پر انحصار، محدود برآمدی بنیاد، کم پیداواری صلاحیت اور تجارتی خسارے جیسے مسائل کا سامنا کر رہا ہے۔ ایسے میں برآمدات میں اضافہ صرف زرمبادلہ کمانے کا ذریعہ نہیں بلکہ ملکی صنعت کو وسعت دینے، روزگار پیدا کرنے، سرمایہ کاری بڑھانے اور عالمی منڈی میں پاکستان کی معاشی حیثیت بہتر بنانے کا راستہ بھی ہے۔ تاہم اس مقصد کے حصول کے لیے محض اعلانات کافی نہیں ہوں گے بلکہ صنعتی شعبے کو توانائی، ٹیکس، مالیاتی، ریگولیٹری اور انفراسٹرکچر کے مسائل سے نجات دلانا ہوگی۔

وزیراعظم نے صنعت کاروں سے ملاقات میں اس بات پر بھی زور دیا کہ مشکل حالات کے باوجود مشاورت سے بنیادی اصلاحات کی گئیں اور آئندہ بھی برآمدات میں اضافے کے لیے مشاورت کا عمل جاری رکھا جائے گا۔ یہ طرزِ حکمرانی اس لحاظ سے اہم ہے کہ معیشت کے حقیقی مسائل کا زیادہ بہتر ادراک ان لوگوں کو ہوتا ہے جو روزانہ کی بنیاد پر صنعت، تجارت، برآمدات اور سرمایہ کاری کے میدان میں عملی مشکلات کا سامنا کرتے ہیں۔ حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مستقل رابطہ پالیسی سازی کو زیادہ حقیقت پسندانہ اور نتیجہ خیز بنا سکتا ہے۔ تجزیہ بی این پی کے مطابق پاکستان کو اپنی معاشی پالیسی میں تسلسل کو بنیادی اصول بنانا ہوگا۔ ماضی میں متعدد صنعتی اور تجارتی پالیسیاں بنیں، مگر پالیسیوں میں بار بار تبدیلی، غیر یقینی صورت حال اور طویل مدتی منصوبہ بندی کے فقدان نے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو متاثر کیا۔ اگر حکومت برآمدی معیشت کو واقعی قومی ترجیح بنانا چاہتی ہے تو اسے کم از کم ایک طویل المدت پالیسی فریم ورک تشکیل دینا چاہیے جس میں حکومت کی تبدیلی کے باوجود بنیادی معاشی سمت برقرار رہے۔

اس سلسلے میں نئی آٹو پالیسی 2026-31 خاص اہمیت رکھتی ہے۔ پاکستان کی آٹو موبائل صنعت صرف گاڑیوں کی تیاری تک محدود نہیں بلکہ اس سے وابستہ ہزاروں چھوٹی اور بڑی صنعتیں، پرزہ جات بنانے والے ادارے، ورکشاپس، روزگار کے مواقع اور سرمایہ کاری کا ایک وسیع نیٹ ورک موجود ہے۔ اگر نئی آٹو پالیسی کا مقصد مقامی صنعت میں سرمایہ کاری بڑھانا اور گاڑیوں کی برآمدات کو فروغ دینا ہے تو یہ ملکی صنعتی ڈھانچے میں ایک اہم تبدیلی کا ذریعہ بن سکتی ہے۔

پاکستان کو محض ایسی گاڑیاں تیار کرنے تک محدود نہیں رہنا چاہیے جو مقامی مارکیٹ میں فروخت ہوں۔ اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب پاکستانی صنعت عالمی معیار کے پرزہ جات، گاڑیاں اور آٹو موبائل مصنوعات تیار کرکے بین الاقوامی منڈیوں میں جگہ بنائیں۔ اس مقصد کے لیے معیار، قیمت، ٹیکنالوجی اور پیداواری استعداد میں بہتری ضروری ہے۔ مقامی صنعت

تلاش گمشدہ

میرا ڈومیسائل سرٹیفکیٹ نمبر 1252-5/59 جاری شدہ مورخہ 20/07/2009 بنام طلحہ بن الطاف ولد محمد الطاف شناختی کارڈ نمبر 54400-7984495 کوئٹہ میں علاقہ تھانہ گوالمنڈی کے ایریا میں کہیں گم ہوگیا ہے لہذا جسے ملے موبائل نمبر 0333-7949944 پر اطلاع دیں۔ شکریہ

المشتہر: طلحہ بن الطاف

سکنہ: مکان نمبر 8-40/1168 گلی نمبر 1 محلہ اسماعیل کالونی سرکی روڈ کوئٹہ

بقیہ 1

آغاز سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اختیارات کی منتقلی مسئلہ نہیں بلکہ اس پر عملدرآمد کا دائرہ صوبائی سطح پر رک گیا ہے، 2010 میں اٹھارہویں آئینی ترمیم کے ذریعے صوبوں کو اہم اختیارات منتقل کیے گئے تاہم مقامی حکومتوں کو اسی تناسب سے اختیارات اور وسائل فراہم نہیں کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مقامی حکومت کو کوئی ذمہ داری تو دے دی جائے لیکن اس کے ساتھ اختیارات اور وسائل نہ ہوں تو وہ ذمہ داری بوجھ بن جاتی ہے، اختیارات صوبوں سے اضلاع اور بلدیاتی حکومتوں تک بھی منتقل ہونے چاہئیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو ایسا ترقیاتی نظام تشکیل دینے کی ضرورت ہے جس میں وفاق اور صوبوں کے درمیان موثر رابطہ اور مقامی اداروں کو بااختیار بنایا جائے تاکہ قومی ترجیحات کو بہتر عوامی خدمات اور عملی نتائج میں تبدیل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام بالخصوص زراعت کے لیے انتہائی اہم ہے جو قومی معیشت، روزگار، غذائی تحفظ اور برآمدات کا اہم ذریعہ ہے۔ پاکستان اپنے زرعی وسائل کے باوجود سالانہ تقریباً 4 سے 5 ارب ڈالر کی زرعی مصنوعات درآمد کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو زرعی درآمدات پر انحصار ختم کرکے پیداواری صلاحیت میں اضافے اور زمین و پانی کے وسائل کے موثر استعمال کے ذریعے فوڈ ایکسپورٹنگ اکانومی بننا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے خبردار کیا کہ بے ہنگم شہری پھیلاؤ سے زرعی زمین کا تحفظ کیے بغیر یہ مقصد حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ زراعت اور خوراک ہوا میں نہیں اگتی، زراعت اور خوراک زمین پر اگتی ہے۔ انہوں نے سرگودھا کے کینو کے باغات، ملتان کے آم کے باغات اور گوجرانوالہ کے گردونواح میں اعلیٰ معیار کے باسمتی چاول پیدا کرنے والے علاقوں کو غیر منصوبہ بند شہری پھیلاؤ سے محفوظ بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ زرعی زمین اور شہری ترقی کے درمیان توازن قائم کرنا ہوگا جس کے لیے شواہد پر مبنی لینڈ یوز پلاننگ اور شہروں کی بے ہنگم افقی توسیع کے بجائے عمودی ترقی کو فروغ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی میں تیزی سے اضافہ غذائی وسائل پر دباؤ بڑھا رہا ہے جبکہ فی کس پانی کی دستیابی میں کمی نے پانی کے تحفظ کو بھی ایک سنگین چیلنج بنا دیا ہے۔ وفاقی وزیر نے خوراک، زمین اور پانی سے متعلق مسائل کے حل کے لیے وفاق اور صوبوں پر مشتمل مربوط قومی فریم ورک کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بکھری ہوئی کوششوں سے پائیدار نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ انہوں نے زیر زمین پانی کے بے دریغ استعمال کو منظم کرنے، آبی ذخائر کی پائیدار صلاحیت کا جائزہ لینے اور زیر زمین پانی کی دوبارہ بھرائی کے اقدامات کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ سولر پمپس نے زیر زمین پانی نکالنا آسان بنا دیا ہے جس کے باعث اس کے موثر ضابطے کی ضرورت مزید بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹریٹ لینڈ اینڈ واٹر یوز پلاننگ کا اقدام زرعی زمین کے تحفظ، شہری پھیلاؤ کے انتظام اور ملک کی مستقبل کی غذائی و آبی ضروریات کے تحفظ کے لیے شواہد پر مبنی فریم ورک تیار کرنے میں مدد دے گا۔ وفاقی وزیر نے اس اقدام کو حکومت کے فائیو ایئر فریم ورک سے منسلک کرتے ہوئے کہا کہ غذائی اور آبی تحفظ ایک مستحکم، پائیدار اور بلند شرح نمو کی حامل معیشت کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ ملک کو درپیش وسیع تر ترقیاتی چیلنج کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ بڑے اور بلند حوصلہ منصوبے بنانے کی صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے تاہم اصل مسئلہ ان منصوبوں پر عملدرآمد کا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ یہ نہیں کہ ہم منصوبے بنانا نہیں جانتے، ہم بہت اچھے منصوبے بنا سکتے ہیں، لیکن ہمارا مسئلہ ان پر عمل کرنا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان اس وقت ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے اور ماضی کی غلطیوں کو دہرانے کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے ترقیاتی حکمت عملیوں پر موثر عملدرآمد اور اجتماعی اقدامات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہم یا تو تیر سکتے ہیں یا ڈوب سکتے ہیں، تیسرا کوئی راستہ نہیں۔ لہذا ہمیں تیرنا ہوگا۔

بقیہ 2

کا افتتاح کردیا۔ وزیر داخلہ نے تھانے کے مختلف حصوں کا دورہ کرکے شہریوں کے لیے فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ایس ایچ او آفس، ڈسپوزٹ ریزولوشن کمیٹی، انکوائری آفس، ویٹنگ ایریا اور دیگر شعبوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے تھانے کے مختلف کاٹنرز پر شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کا بھی جائزہ لیا اور انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ محسن نقوی نے ڈسپوزٹ ریزولوشن کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی اور کمیٹی کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کا مقصد عوام کو جدید، باوقار اور عوام دوست پولیسنگ کا ماحول فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سائلین کی دادرسی کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ہدایت کی کہ سائل کی درخواست پر ہر صورت کارروائی یقینی بنائی جائے۔ کسی شہری کو ایف آئی آر کے اندراج میں بلاوجہ تاخیر یا مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ تھانے آنے والے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ذمہ دارانہ رویہ اپنایا جائے۔ اس موقع پر وزیر داخلہ کو تھانہ آبارہ کی اپ گریڈیشن سے متعلق بریفنگ بھی دی گئی۔ انہوں نے شہریوں کے لیے سہولتوں کی فراہمی اور پولیسنگ کے نظام کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔ آئی جی اسلام آباد پولیس، ڈی آئی جی، ایس ایس پی آپریشنز اور دیگر پولیس افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 3

قرضوں کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں، جو بینک قرضوں کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کریں گے، حکومت ان کی حوصلہ افزائی کرے گی، زرعی شعبہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جس کے فروغ کے لئے کام کرنا قومی ذمہ داری ہے۔ وزیر اعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم، زراعت اور ایس ایم ایز کے شعبوں کی ترقی کیلئے فنانسنگ پر پیشرفت کے حوالے سے جاری اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بینک اور مالیاتی ادارے کسانوں، ایس ایم ایز اور ہاؤسنگ سیکٹر کو قرضوں کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں۔ شہباز شریف نے کہا کہ جو بینک قرضوں کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کریں گے، حکومت ان کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ زرعی شعبہ ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جس کے فروغ کے لئے کام کرنا قومی ذمہ داری ہے۔ وزیر اعظم نے کسانوں کو بلا رکاوٹ اور آسان شرائط پر مالی وسائل تک رسائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کم آمدن اور متوسط طبقات کے لئے سستی ہاؤسنگ کی فراہمی ہماری ترجیح ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ صوبائی چیف سیکریٹریز ایسے املاک کا جامع سروے کرائیں جس کیلئے بینک اپنے گھر کے خواہشمند افراد کو "وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم" کے تحت قرضہ مہیا کر سکیں۔ اجلاس کو ہاؤسنگ، زراعت اور ایس ایم ایز کے شعبوں کی فنانسنگ کے حوالے سے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم کے حوالے سے اب تک 147,504 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 53,127 درخواستیں منظور ہو چکی ہیں۔ بتایا گیا کہ وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم کے تحت منظور شدہ درخواستوں کی کل مالیت 313.42 بلین روپے ہے، جبکہ 8,739 درخواست گزاروں کو 45.43 بلین قرضے فراہم کئے جا چکے ہیں۔ بتایا گیا کہ ملک بھر میں مورگیج کی شرائط پوری کرنے والے پلاٹس کی نشاندہی کے لئے نظام تیار کیا جا رہا ہے جس کا پائلٹ اسلام آباد سے ہوگا۔ بتایا گیا کہ اپنا گھر اسکیم کو مزید مربوط بنانے کے لیے معروف ہاؤس ڈیولپرز کو اس عمل میں شامل کرنے کے لیے ایک مؤثر طریقہ کار وضع کیا جائے گا۔ بتایا گیا کہ زرعی شعبے کے لئے بینکوں کی جانب سے قرضے کا حجم اگست 2026 میں 1.268 ٹریلین روپے رہا جبکہ ایکسیس ٹو فنانس پلان 2026-2028 کے تحت جون 2028 تک 2 ٹریلین روپے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ زرخیزی (e-Zarkhez) ایپ کے ذریعے آسان قرضے کے لئے 35,838 درخواستیں موصول ہوئیں، جس کے لئے 7.35 بلین روپے منظور ہوئے جس میں سے 1.96 بلین روپے کے قرضے جاری کئے جا چکے ہیں۔ بتایا گیا کہ اگست 2026 تک بینکوں کی جانب سے ایس ایم ای کے شعبے کو قرضوں کا حجم 1.067 ٹریلین روپے رہا، جبکہ ایکسیس ٹو فنانس پلان 2026-2028 کے تحت جون 2028 تک ان قرضوں کا ہدف 2 ٹریلین روپے رکھا گیا ہے، سمیڈا نے گزشتہ تین ماہ میں 1096 ایس ایم ایز کو فائنانشل لیٹریسی کی تربیت دی۔ اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء احد خان چیمہ، رانا تنویر حسین، محمد اورنگزیب، ریاض حسین پیرزادہ، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، مشیر وزیر اعظم ہارون اختر خان، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، چاروں صوبوں اور آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے چیف سیکرٹریز، IBRD کی کنٹری ڈائریکٹر پولور مالمگ جیزر، پاکستانی بینکوں کے صدور اور سی ای اوز، اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 4

14 بچوں کے جھلنے کا ذمہ دار کون ہے؟ پھر واقعے کی ایف آئی آر فوری درج کی جائے، ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر غفلت حکومت اور متعلقہ اداروں کی ہے تو حکومت کے خلاف بھی ایف آئی آر درج ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کی زندگیوں سے کھیلنے والوں کو کسی صورت معافی نہیں ملنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پھر واقعے کو دبانے کی کوئی کوشش قابل قبول نہیں، شفاف اور غیر جانبدار تحقیقات کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کے ذمہ دار خواہ کتنا ہی بااثر کیوں نہ ہوں، ان کے خلاف قانونی کارروائی ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 14 بچوں کے جھلنے کا واقعہ محض حادثہ نہیں، اگر غفلت ثابت ہو تو یہ مجرمانہ غفلت ہے۔ سینیٹر مولانا عطاء الحق نے کہا کہ حکومت متاثرہ بچوں اور ان کے والدین کو انصاف فراہم کرنے میں مزید تاخیر نہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ پھر انتظامیہ اور متعلقہ حکام واقعے کی ذمہ داری واضح کریں، قوم کو حقائق سے آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی آر کے اندراج میں تاخیر سے شکوک و شبہات پیدا ہو رہے ہیں، حکومت وضاحت دے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں کے ساتھ ہونے والے ظلم پر خاموش نہیں رہیں گے، ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے۔

بقیہ 5

ایسٹن کنسٹرکشن لعینانی کیلئے اپوزیشن لیڈر سے بات کرنے میں پہل کرنی چاہیے۔

بقیہ 6

سہولیات کو شہریوں کی دہلیز تک پہنچایا جا رہا ہے، اب دور دراز علاقوں کے مریضوں کو ہر معمولی طبی ضرورت کے لیے پمز یا پولی کلینک جانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ وزیر صحت نے کہا کہ شاہ اللہ دتہ اسلام آباد کا گاؤں ہے اور اسلام آباد سے یہاں پہنچنے میں تقریباً 40 منٹ لگتے ہیں، اگر یہاں کسی شہری کو ہنگامی طبی ضرورت پیش آئے تو ہسپتال پہنچنے میں کم از کم 45 منٹ لگ سکتے ہیں۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ شاہ اللہ دتہ میں قائم کیا جانے والا یہ اسلام آباد کا 10 واں ٹیلی میڈیسن کلینک ہے اور اس منصوبے کا پہلا فیز مکمل ہو چکا ہے، دنیا کے ماہر ڈاکٹرز آن لائن یہاں دستیاب ہوں گے جبکہ پانچ مختلف شعبوں کے ماہرین ہفتے میں دو دن آن لائن مریضوں کو طبی مشاورت فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر مریض کو سکرین پر دیکھ سکیں گے، مریض کی نبض سمیت دیگر اہم طبی معلومات ڈاکٹر کو اسی وقت آن لائن دستیاب ہوں گی، ہم نے فاصلے ختم کر دیے ہیں، دنیا کے ماہر ڈاکٹر کو یہاں آ کر بیٹھنے کی ضرورت نہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نے دنیا کے جدید تقاضوں کو اپناتے ہوئے صحت کے شعبے میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال شروع کیا، وزارت صحت نے صحت کہانی کے ساتھ ایم او یو سائن کیا ہے جس کے ذریعے ہزاروں مریضوں کا علاج ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے مختلف مقامات پر موجود ماہر ڈاکٹر یہاں بیٹھے مریضوں کا علاج اور مشاورت کر رہے ہیں، اب مریض کو اپنی دہلیز پر دنیا کا بہترین ڈاکٹر دستیاب ہے۔ مصطفیٰ کمال نے اعلان کیا کہ پہلے فیز کے بعد اگلے مرحلے میں مزید ٹیلی میڈیسن کلینکس قائم کیے جائیں گے۔ اسلام آباد کے 28 بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یوز) کو بھی ٹیلی میڈیسن کی سہولت سے آراستہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیلی میڈیسن کلینکس کے اوقات کار بھی بڑھائے گئے ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری اس سہولت سے فائدہ اٹھا سکیں۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ گزشتہ 14 ماہ میں وزارت صحت نے جتنا کام کیا ہے اتنا گزشتہ 30 سال میں نہیں ہوا، ہمارے 14 ماہ کے کام گزشتہ 30 سال کے کاموں سے زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب وزارت صحت کی ذمہ داری سنبھالی تو اسلام آباد کے ہسپتالوں میں 2,126 بیڈز کی گنجائش تھی، حکومت نے اس میں 2,500 نئے بیڈز کا اضافہ کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ حکومت نے صحت سہولت کارڈ کی فائل کو دوبارہ فعال کیا، اب اسلام آباد کے 15 نجی ہسپتالوں میں شہریوں کو مفت علاج کی سہولت حاصل ہوگی اور اس علاج کے اخراجات حکومت پاکستان ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ہسپتالوں کی گنجائش میں 100 فیصد سے بھی زیادہ اضافہ کیا گیا ہے، اگر حکومت نئے ہسپتال بنانے پر جاتی تو اس عمل میں 25 سال لگ جاتے لیکن موجودہ سہولیات میں اضافہ کرکے کم وقت میں عوام کو زیادہ طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔ وزیر صحت نے کہا کہ پمز کا نیا ایمرجنسی وارڈ آئندہ 10 دنوں میں فعال ہونے جا رہا ہے، 176 بیڈز پر مشتمل یہ ایمرجنسی وارڈ ضلعے کا سب سے بڑا ایمرجنسی وارڈ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد جدید ٹیکنالوجی، بہتر انتظامی اقدامات اور موجودہ وسائل کے مؤثر استعمال کے ذریعے اسلام آباد کے شہریوں کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات ان کی دہلیز تک فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 7

اظہر نے 1079 نمبر لے کر پہلی پوزیشن حاصل کی۔ محمد جہانزیب نے 1078 نمبر کے ساتھ دوسری پوزیشن جبکہ سیدہ ایمان فاطمہ نے 1076 نمبرز کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ پری انجینئرنگ میں ایمان ارجمند نے 1075 کیساتھ پہلی پوزیشن، زینب سمیع 1070 کے ساتھ دوسری اور حمزہ فاطمہ نے 1068 نمبر لیکر تیسری پوزیشن لی۔ کامرس گروپ میں اقصیٰ فاروق نے 1051 نمبر لیکر پہلی پوزیشن، عائزہ افضل نے 1047 نمبر لے کر دوسری اور آمنہ آصف نے 1046 نمبر لیکر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح ہیومینٹیز گروپ میں ایمان فاطمہ نے 1007 نمبر لیکر پہلی پوزیشن، آمنہ اظہر نے 1003 نمبر لیکر دوسری جبکہ یحییٰ فاضل اور عمیر رضا نے 1002 نمبر لیکر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ چیئرمین بورڈ ڈاکٹر اکرام علی ملک کے مطابق پاس ہونے والوں کی شرح 85.95 فیصد رہی۔

بقیہ 8

کے۔ پہلی مسلم ڈائسپورا کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مسلم ڈائسپورا کے درمیان تعاون اور روابط کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، اوورسیز پاکستانی دنیا بھر میں پاکستان کے حقیقی سفیر ہیں۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور صلاحیتوں سے پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق، عزت، تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے پرعزم ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی دنیا کے مختلف ممالک میں ہنرمند اور نیم ہنرمند پاکستانیوں کے لیے روزگار کے بہتر مواقع ترجیح ہیں۔ چوہدری سالک حسین نے کہا کہ ہنر پر مبنی افرادی قوت اور محفوظ نقل و حرکت سے نئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک کے درمیان عوامی روابط اور معاشی تعاون مزید مضبوط کرنا ہوگا، اوورسیز پاکستانیوں کو میزبان اور وطن دونوں کی ترقی میں مؤثر کردار کے مواقع فراہم کرتے رہیں گے۔

بقیہ 9

دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ملک کا قیمتی اثاثہ ہیں اور انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے حکومت پرعزم ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ اوورسیز پاکستانیوں کے سفری دستاویزات اور دیگر ضروری کاغذات کی بروقت تصدیق کے لیے مربوط نظام وضع کیا جائے، جبکہ ریکارڈ کی تصدیق کے عمل کو تیز رفتار اور مزید آسان بنایا جائے۔ وفاقی وزیر نے ریکارڈ کی تصدیق کے لیے واضح ٹائم لائن مقرر کرنے اور وزارت داخلہ کی سطح پر الیکٹرانک طریقہ کار وضع کرنے کی ہدایت کی تاکہ متعلقہ سوالات اور ضروری کارروائی جلد مکمل کی جا سکے۔ انہوں نے تصدیق کے عمل میں انسانی مداخلت کم سے کم کرنے پر زور دیتے ہوئے دن ونٹڈ تصدیقی پورٹل متعارف کرانے کی تجویز بھی دی۔ وفاقی وزیر نے تارکین وطن کو سہولت فراہم کرنے کے لیے قواعد و ضوابط میں ضروری بہتری کے حوالے سے تجاویز پیش کرنے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو آئندہ اجلاس میں واضح لائحہ عمل اور طریقہ کار پیش کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 10

مطابق الیکشن کمیشن نے سابق ارکان قومی اسمبلی کو نااہل قرار دینے کا تحریری حکم نامہ بھی جاری کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق مالی سال 2024-25 کے اثاثوں کی تفصیلات جمع نہ کرانے پر زرتاج گل، صاحبزادہ حامد رضا اور عبداللطیف کو نااہل قرار دے دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق گوشواروں کی تفصیلات جمع کرانے تک یہ سابق ارکان قومی اسمبلی نااہل ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق تینوں ارکان عام انتخابات، ضمنی الیکشن، سینیٹ اور مقامی حکومت کے انتخابات لڑنے کے لیے نااہل ہیں۔

بقیہ 11

لازوال قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں اور قوم بلوچستان کی سرزمین کو شرپسندوں سے پاک کرنے کے لیے بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ حنیف عباسی نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، جب تک دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ نہیں ہو جاتا ریاستی اداروں اور قوم کا پختہ عزم برقرار رہے گا۔

بقیہ 12

ہوں، وطن کے امن کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات پوری قوم کیلئے باعث فخر ہیں، پاکستان دشمن عناصر بس لیں، قوم دہشت گردی کے خلاف متحد اور پرعزم ہے۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ملک کے امن، سلامتی اور خودمختاری کے خلاف ہر سازش ناکام بنائی جائے گی، دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ہماری جدوجہد جاری رہے گی، سکیورٹی فورسز اور پوری قوم دہشت گردی کے خلاف یکجا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہوں گے اور پاکستان ہمیشہ سربلند رہے گا۔

بقیہ 13

مالی معاونت یقینی بنائیں۔ بدھ کو یہاں اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام پاکستان ویمن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام صدر نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور تمام شراکت داروں کو اس اہم فورم کے انعقاد پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سمٹ دو ناگزیر قومی ترجیحات، خواتین کی قیادت اور موثر عوامی پالیسی کو یکجا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی بھرپور معاشی صلاحیت بروئے کار لانے کیلئے یقینی بنانا ہوگا کہ خواتین صرف ترقی سے مستفید ہونے والی نہ ہوں بلکہ کاروباری شخصیات، پیشہ ور افراد، پالیسی سازوں، جدت کاروں اور قائدین کی حیثیت سے اس کی فعال محرک بھی ہوں، کسی بھی پس منظر یا علاقے سے تعلق رکھنے والی خاتون کو تعلیم، مالی وسائل، ٹیکنالوجی، منڈیوں اور فیصلہ سازی تک مساوی رسائی حاصل ہو۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے مالی معاونت براہ راست خواتین کے ہاتھوں میں پہنچانے سے گھروں کے اندر معاشی فیصلہ سازوں کے طور پر ان کے کردار کو تقویت ملی، یہ باوقار معاونت اور انحصار سے بااختیاری کی جانب تبدیلی کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے خواتین کی مساوی شرکت، تحفظ اور قیادت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا کوئی محدود سماجی فکر مندی نہیں بلکہ یہ قومی ترقی کے لیے مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ مالی وسائل تک رسائی، ڈیجیٹل شمولیت، خواتین کی زیر قیادت کاروبار، محفوظ کام کی جگہوں، قیادت کی ترقی، رہنمائی اور مضبوط مارکیٹ روابط پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک عملی ایجنڈے کو آگے بڑھانے میں سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ ہمیں مل کر ایسا ماحول تشکیل دینا ہوگا جہاں کسی خاتون کے پاس کوئی کاروباری آئیڈیا ہو تو وہ اس کیلئے مالی معاونت حاصل کر سکے، ایک خاتون کاروباری شخصیت مارکیٹ تک رسائی حاصل کر سکے، اپنی قابلیت اور میرٹ کی بنیاد پر آگے بڑھ سکے اور صنف کی بنیاد پر عائد رکاوٹوں کے بغیر مستقبل میں قیادت کا خواب دیکھ سکے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ ہمیں ان خواتین کی طاقتور مثالیں فراہم کرتی ہے جنہوں نے رکاوٹیں توڑیں اور ملک کے قومی سفر کو تشکیل دینے میں اپنا کردار ادا کیا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے محترمہ فاطمہ جناح، بیگم رعنا لیاقت علی خان، بیگم شائستہ اکرام اللہ اور سابق وزیر اعظم شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کا ذکر کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ہماری قومی ترقی میں ہمیشہ کلیدی حیثیت رکھتی رہی ہیں۔ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کو اس سفر میں ایک خاص تاریخی مقام حاصل ہے کیونکہ وہ مسلم اکثریتی ملک کی قیادت کرنے والی پہلی خاتون تھیں۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے ایسی رکاوٹیں توڑیں جن پر قابو پانا طویل عرصے تک ناممکن دکھائی دیتا تھا، ان کی میراث آج بھی خواتین کو عوامی زندگی میں آنے، اداروں کی قیادت کرنے اور قومی فیصلہ سازی میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تحریک دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مشترکہ مقصد ایسے نظام تشکیل دینا ہونا چاہیے جو رکاوٹیں دور کرکے اور مساوی مواقع یقینی بنا کر خواتین کو کامیاب ہونے کے قابل بنائیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ہمیں ایسی معیشت تشکیل دینا ہوگی جہاں خواتین اعتماد کے ساتھ کاروبار قائم کر سکیں، ایسی کام کی جگہیں جہاں وہ وقار کے ساتھ اپنا کردار ادا کر سکیں، ایسے ادارے جہاں وہ اختیار کے ساتھ قیادت کر سکیں اور ایسی جمہوریت جہاں خواتین کی شرکت محض علامتی نہ ہو بلکہ اس کا لازمی حصہ ہو۔ انہوں نے مالیاتی اداروں پر زور دیا کہ وہ خواتین کے لیے سرمایہ تک رسائی آسان بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ تعلیمی اداروں کو متعلقہ مہارتیں فراہم کرنا ہوں گی جبکہ نجی شعبے کو جامع اور باوقار کام کی جگہیں تشکیل دینا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ چیمبر آف کامرس رہنمائی، روابط، مارکیٹ تک رسائی اور خواتین کی زیر قیادت کاروباروں کی معاونت میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ جب خواتین قیادت کرتی ہیں تو خاندان خوشحال ہوتے ہیں، جب خواتین معاشی زندگی میں مکمل طور پر شریک ہوتی ہیں تو قومیں ترقی کرتی ہیں اور جب خواتین عوامی پالیسی کی تشکیل میں مدد کرتی ہیں تو جمہوریت زیادہ نمائندہ، موثر اور منصفانہ بنتی ہے۔ قائم مقام صدر نے پاکستان ویمن لیڈرشپ اینڈ پالیسی سمٹ 2026 کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نمایاں ارکان میں شیلڈز اور اسناد تقسیم کیں۔ قائم مقام صدر کو اسلام آباد چیمبر کی جانب سے شیلڈ پیش کی گئی۔

بقیہ 14

الیکٹرویسیں چلائی جائیں گی۔ ہر تحصیل کے لیے مخصوص الیکٹرویس ڈپو کی منظوری بھی دے دی گئی ہے، جبکہ تحصیل الیکٹرویس سروس کے لیے پہلا بیچ جنوری 2027 میں لاہور پہنچے گا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مختلف اضلاع میں مزید الیکٹرویسوں کی فراہمی کی بھی منظوری دے دی۔ پنجاب بھر میں جون 2027 تک 3 ہزار الیکٹرویسیں چلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ ستمبر تک الیکٹرویس سروس کا پہلا فیز مکمل کرنے کا ٹارگٹ ہے۔ ملتان کی 9 تحصیلوں میں 169، ساہیوال کی 4 تحصیلوں میں 87، بہاولپور کی 11 تحصیلوں میں 215، ڈی جی خان کی 10 تحصیلوں میں 63، فیصل آباد کی 12 تحصیلوں میں 202 اور سرگودھا کی 14 تحصیلوں میں 198 الیکٹرویسیں چلائی جائیں گی، گوجرانوالہ کی 7 تحصیلوں میں 125، گجرات کی 8 تحصیلوں میں 122 جبکہ راولپنڈی کی 16 تحصیلوں میں 219 الیکٹرویسیں چلیں گی۔ پنجاب کے مختلف اضلاع میں 612 الیکٹرویسیں مکمل طور پر آپریشنل ہیں اور روزانہ لاکھوں شہری ان سے مستفید ہو رہے ہیں۔ ملتان سمیت دیگر اضلاع میں مزید 192 الیکٹرویسیں چند روز میں فعال ہو جائیں گی۔ سرگودھا، ساہیوال، فیصل آباد، لاہور، مظفر گڑھ، راولپنڈی، جھنگ، بہاولپور، رحیم یار خان اور اٹک سمیت دیگر اضلاع کو مزید الیکٹرویسیں فراہم کی جائیں گی۔ بھکر، حافظ آباد، خانیوال، چنیوٹ، لیہ، اوکاڑہ، سیالکوٹ، مری، گجرات اور شیخوپورہ میں بھی اضافی الیکٹرویسیں چلائی جائیں گی۔ منڈی بہاؤالدین، وہاڑی، قصور، لودھراں، ننکانہ صاحب، نارووال، گوجرانوالہ اور ملتان میں بھی مزید بسیں فراہم کی جائیں گی۔ فیصل آباد اور گوجرانوالہ ماس ٹرانزٹ سسٹم پر پیش رفت تیزی سے جاری ہے، جبکہ لاہور میٹرو بس سروس کے 25 اسٹیشنز کی تعمیر و بحالی کا منصوبہ بھی